Daily PUBLIC KARACHI

روزنامہ پبلک کراچی

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 12 | ہفتہ 24 اکتوبر 2026ء 11 جمادی الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 213

فیلڈ مارشل

دہشتگرد جہاں بھی ہونگے انہیں بھرپور ضرب لگائیں گے

اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے، آرمی چیف کی کورہیڈکوارٹرز پشاور کے دورے کے دوران گفتگو

عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا، پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا استقبال کیا



اسلام آباد (انویسٹی گیشن رپورٹر) چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ عوام کی حمایت سے دہشت گردوں اور انکے گمراہ کن نظریے کو عبرتناک شکست دیں گے، دہشت گرد جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں سخت سے سخت جواب دیا جائیگا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہیں موجودہ سیکیورٹی صورتحال، انسداد دہشت گردی کی جاری کارروائیوں، بارڈر مینجمنٹ کے اقدامات اور مستقبل میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے افسران اور دستوں کے اعلیٰ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد وزیراعظم شہباز شریف سے صدر آزاد کشمیر تنویر الیاس نقی ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم کی لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کی منظوری دیدی، لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیئرمین اور اراکین کا انتخاب شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر کیا جائے، شہباز شریف کا خطاب

فورسز کیساتھ کھڑی ہونیوالی ہر سیاسی جماعت مائنس ہو جائیگی، رانا ثناء

گورنر کے پی نے 160 ارب کا تقاضا کیا، وزیراعظم نے فوری منظوری دی، غیر پنکھنخواہ سے دہشتگردی کا قلع قمع کیا جائے گا

اس وقت 28 ویں ترمیم پر کوئی بات نہیں ہوئی، نہ کوئی مسودہ سامنے آیا، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ کوئی سیاسی جماعت جو خوارج کے ساتھ دہشت گردی کے معاملے پر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی نہیں ہوتی وہ مائنس ہو جائے گی۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ نے کہا کہ گورنر کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد وفاقی وزیر خزانہ سرمایہ کاری کے ریجنل پریذیڈنٹ ڈائریکٹر سے ملاقات کر رہے ہیں

کرک CTD کا مشترکہ آپریشن، 2 دہشتگرد ہلاک، DSP سمیت 4 اہلکار شہید

علاقے میں سرچ آپریشن جاری، ایس پی آپریشنز، ضلع کے تمام ایس ایچ اوز اور متعلقہ پولیس افسران کارروائی میں شریک ہیں

چرپیرا میں دہشت گرد کمانڈر قیصر اقبال کے گھر پر چھاپہ، فائرنگ کا تبادلہ، دہشتگردوں کیخلاف مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، حکام

کرک (صباح نیوز) غیر مکلوخوا کے ضلع کرک کے علاقے چرپیرا میں پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں ڈی ایس پی کاظم نیر رازم ڈیلوئنٹ (سی ٹی ڈی) عمران الدین خان سمیت 4 پولیس اہلکار شہید ہو گئے، جبکہ جوابی کارروائی میں 2 دہشت گرد مارے جانے کی اطلاعات ہیں۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب قلعہ لرم کے علاقے چرپیرا میں دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع ملی تھی، جس کے بعد دہشت گردوں کی موجودگی والے گھر کو گھیرے میں لے لیا گیا۔ اس دوران فریقین کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ شروع ہو گیا۔ پولیس کے مطابق دہشت گرد گھر کی چھت سے فائرنگ کر رہے تھے، جبکہ ہم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

پاکستانی بیرونی مالیاتی پوزیشن کمزور ہونے کا خدشہ ہے، IMF کی پیشگوئی

زرمبادلہ ذخائر محفوظ رکھنے کیلئے شرح مبادلہ میں لچک برقرار رکھنے، مہنگائی پر قابو پانے کیلئے مانیٹری پالیسی مزید سخت کرنے پر زور

ممالک کو مانیٹری پالیسی مزید سخت کرنے کیلئے تیار رہنا چاہیے، بالخصوص وہاں جہاں مہنگائی پہلے ہی مقررہ ہدف سے زیادہ ہو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف نے خبردار کیا ہے کہ درآمدات میں اضافے اور ترسیلات زر کی رفتار میں کمی کے باعث پاکستان کی بیرونی مالیاتی پوزیشن کمزور ہو سکتی ہے۔ عالمی مالیاتی ادارے نے زرمبادلہ کے ذخائر کو محفوظ رکھنے کے لیے شرح مبادلہ میں لچک برقرار رکھنے اور بڑھتی ہوئی مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مانیٹری پالیسی مزید سخت کرنے پر زور دیا ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کے بارے میں یہ مشاہدات مشرقِ وسطیٰ اور وسطی ایشیا سے متعلق اپنی علاقائی رپورٹ میں پیش کیے جو گزشتہ ہفتے عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے ایک ہفتے بعد جمعرات کو جاری کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق درمیانی مدت کے دوران معیر، اردن اور مراکش کی بیرونی مالیاتی پوزیشن میں بہتری آنے کی توقع ہے، جس کی وجہ اثاثوں کی کم قیمتیں اور برآمدات میں متوقع ہوگا۔ تاہم پاکستان (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

کابینہ ڈویژن کی رقم کس صوبے کو کتنی مل رہی ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں، بشریٰ رحمن

اسلام آباد (انویسٹی گیشن رپورٹر) باپ سینیٹر بشریٰ رحمن نے کہا ہے کہ کابینہ ڈویژن کی رقم کس صوبے کو کتنی مل رہی ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کابینہ ڈویژن کے گزشتہ روز ہونے والے اجلاس میں فنانس ڈویژن کی ایڈیشنل سیکرٹری نے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

وزیراعظم نے کیے گئے مطالبات منظور کرلیے، گورنر کے پی

دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (انویسٹی گیشن رپورٹر) غیر پنکھنخواہ کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے کیے گئے مطالبات منظور کر لیے ہیں، صوبے کو مزید فنڈز فراہم کرنے پر بھی آمادگی کا اظہار کیا ہے، دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے، اضافی ایف ڈی ایکسائز ڈیوٹی کے حوالے سے بھی وزیراعظم نے مثبت جواب دیا ہے، وزیراعظم نے صدارت کی، وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی، گورنر بلوچستان، وزیراعلیٰ بلوچستان، وفاقی وزراء، مشیران، چیف سیکرٹریز اور آئی جیز نے اجلاس میں شرکت کی، اجلاس کو بریفنگ دی گئی کہ صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق سے کیا مطالبات کیے گئے تھے، ان مطالبات پر کیا پیشرفت ہوئی ہے، وزیراعظم نے کہا کہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)



فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو کور ہیڈکوارٹرز پشاور میں صوبے کی سیکیورٹی کی صورتحال، انسداد دہشت گردی پر بریفنگ دی جاری ہے

فورسز کیساتھ کھڑی ہونیوالی ہر سیاسی جماعت مائنس ہو جائیگی، رانا ثناء

گورنر کے پی نے 160 ارب کا تقاضا کیا، وزیراعظم نے فوری منظوری دی، غیر پنکھنخواہ سے دہشتگردی کا قلع قمع کیا جائے گا

اس وقت 28 ویں ترمیم پر کوئی بات نہیں ہوئی، نہ کوئی مسودہ سامنے آیا، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ کوئی سیاسی جماعت جو خوارج کے ساتھ دہشت گردی کے معاملے پر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی نہیں ہوتی وہ مائنس ہو جائے گی۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ نے کہا کہ گورنر کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد وفاقی وزیر خزانہ سرمایہ کاری کے ریجنل پریذیڈنٹ ڈائریکٹر سے ملاقات کر رہے ہیں

سرد موسم، ہسپتال کراچی کروڑوں روپے کی مبینہ کرپشن کی آماجگاہ بن گیا

تحقیقات میں رکاوٹ بن گئے، گریڈ دو کے ملازم کی تنخواہ سے لاکھوں روپے کی کٹوتی

کراچی (انویسٹی گیشن رپورٹر) سندھ سرد موسم ہسپتال کراچی میں کروڑوں روپے کی مبینہ کرپشن کی تحقیقات میں سرکاری اداروں میں موجود کالی بھیڑیں تحقیقات کو سست روی کا شکار کرنے لگی۔ ہسپتال کا خلاف قانون مشتاق الاظہر شعبہ کے خلاف محکمہ صحت سندھ نے رسمی کارروائی پر اکتفا کیا۔ تحقیقات کے مطابق سندھ سرد موسم ہسپتال کراچی میں کوویڈ 19 کی مالی وباہی کے دوسرے سال میں کروڑوں روپے کی مبینہ کرپشن کا سلسلہ محکمہ صحت کے بعض ارباب اختیار کی مبینہ ملی بھگت سے تاحال جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق ہسپتال کے ریٹائرڈ سابق ایم ایس ڈاکٹر فرحت عباس کی ریٹائرمنٹ کے بعد فوجی کوٹے پر تعیناتی کے بیڑے میں خلاف قانون بھرتی ہونے والے ایوب اللہ یوسفانی فصیحہ ہسپتال میں جاری مبینہ کرپشن کی کمان سنبھال لی اور اب تک آئے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

محترمہ نصرت بھٹو کی برسی کے موقع پر دعائیہ تقریب کا انعقاد

جمہوری مشن اور عوامی خدمت کے جذبے کو آگے بڑھایا جاتا رہے گا

اسلام آباد (انویسٹی گیشن رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے زیر اہتمام مادر جمہوریت محترمہ نصرت بھٹو کی برسی کے موقع پر دعائیہ تقریب منعقد ہوئی، جس میں انچارج سینٹرل سیکرٹریٹ پی پی پی سید وجاہد الحید بخاری، جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب سیمسن مرتضیٰ اور پارٹی کارکنان نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران محترمہ نصرت بھٹو کی جمہوریت کیلئے لازوال جدوجہد، بے مثال قربانیوں اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ محترمہ نصرت بھٹو کے جمہوری مشن اور عوامی خدمت کے جذبے کو آگے بڑھایا جاتا رہے گا۔ اس موقع پر محترمہ نصرت بھٹو کے ایصال ثواب، درجات کی بلندی، ملک کی ترقی و خوشحالی، قومی یکجہتی اور جمہوریت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)



گورنر غیر پنکھنخوا فیصل کریم کنڈی پشاور میں ثمر ہارون بلور کے ہمراہ جیو کا نفرنس کر رہے ہیں

محمد ہمایوں خان کی کرک میں پولیس پر حملے کی شدید مذمت

عوام کے تحفظ پر مامور فورسز کو نشانہ بنانے کے مترادف ہے، پیپلز پارٹی

اسلام آباد (انویسٹی گیشن رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے کرک میں پولیس پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس اہلکاروں پر حملہ امن و امان اور عوام کے تحفظ پر مامور فورسز کو نشانہ بنانے کے مترادف ہے۔ محمد ہمایوں خان نے ڈی ایس پی ڈی کمران الدین سمیت پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ پولیس اہلکاروں پر حملہ امن و امان اور عوام کے تحفظ پر مامور فورسز کو نشانہ بنانے کے مترادف ہے۔ محمد ہمایوں خان نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ ہمایوں خان نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے قومی یکجہتی اور مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)



لاہور پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب سے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن ملاقات کر رہے ہیں

گجرات میں بیرون ملک سے آنیوالے بھائی نے بھائی کو قتل کر دیا

بھائی کے ساتھ گھومنے پھرنے کے سارے مناظر کیمرے کی آنکھ میں محفوظ ہو گئے

گجرات (انویسٹی گیشن رپورٹر) گجرات میں بیرون ملک سے آنے والے بھائی نے بھائی کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم 17 اختر کو بیرون ملک سے پاکستان پہنچا اور بھائی کو فون کر کے گاؤں سے شہر بلایا۔ دونوں بھائیوں نے ساتھ کھانا کھایا اور پھر گھر کیلئے روانہ ہوئے، سنسان مقام پر پہنچنے کے بعد ملزم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

وزیر توانائی کا کارخانوں کو اضافی بل بھیجنے پر ڈسکوز کیخلاف کارروائی کا حکم

آئندہ کسی بھی صارف کو غلط ڈیلیکشن بل نہیں دیا جائے، بجلی چوری کی روک تھام بلاشبہ قومی ترجیح ہے

میٹر کی رفتار سست ثابت ہونے پر ریکوری کو صرف دو بلنگ سائیکلز تک محدود رکھا جائے گا، اویس لغاری کی ہدایات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر توانائی اویس لغاری نے ڈسکوز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر نے تخت اور چانچ اسٹامالی فریم ورک کے خاتمے کے حوالے ہدایات جاری کر دی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بجلی چوری کی روک تھام بلاشبہ قومی ترجیح ہے لیکن بے گناہ شہریوں پر من مانا بوجھ ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جا سکتی۔ اس فریم ورک کے تحت فیلڈ عملے کے مواہدیتی اختیارات کا مکمل طور پر خاتمے کا پابند بنایا جائے تاکہ عوام کو تحفظ ملے اور ساتھ ہی ساتھ بجلی چوری کے خلاف ایمانداری سے فرائض انجام دینے والے افسران کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)



اسلام آباد وفاقی وزیر جمال کمال خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صدر زرداری کے اعزاز میں جرمن وزارت دفاع میں استقبالیہ تقریب، والہانہ استقبال

برلن (انویسٹی گیشن رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری کے اعزاز میں جرمن وزارت دفاع میں استقبالیہ تقریب میں شرکت کے موقع پر ان کا والہانہ استقبال کیا گیا۔ وزارت دفاع آمد پر جرمن صدر فریک والٹر شٹائن ماز نے صدر مملکت کا استقبال کیا۔ جرمنی کے صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورہ جرمنی کے موقع پر ان کے اعزاز میں باضابطہ استقبالیہ تقریب جرمن وزارت دفاع میں منعقد ہوئی۔ وزارت دفاع (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

رانا ثناء نے اپوزیشن لیڈر سے وزیراعظم کے خط کا جواب دینے کی گزارش کر دی

پاکستان میں ضرورت مند اور مظلوم کی مدد کرنے کا رجحان موجود ہے، مشیر وزیراعظم

آپ نے کبھی دیکھا ہے کہ پاکستان میں کہیں کوئی فٹ پاتھ پر لوگ سو رہے ہوں؟

اسلام آباد (انویسٹی گیشن رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر سے گزارش ہوئی کہ وہ وزیراعظم کے خط کا جواب دیں، میری گزارش ہو گی کہ اپوزیشن لیڈر، وزیراعظم سے ملاقات کریں۔ جی ٹی وی سے گفتگو میں رانا ثناءاللہ نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کہتے ہیں وہ وزیراعظم پاس جائیں کے مگر اسے ملاقات تصور نہیں کیا جائے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ وہ وزیراعظم پاس جا کر ملاقات کی دعوت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16) کہا کہ ان چیزوں سے فرق نہیں پڑتا کہ آپ یہاں آبادیوں پاس آبادیوں، اس طرح کے کتنے لوگوں کے درمیان مختلف تاثر کا باعث بنتے ہیں، ہمارا تاثر قائم ہوتا ہے جو سیاسی ان بالخصوص سینئر قیادت کے بارے میں اچھا نہیں۔ رانا ثناءاللہ نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کہتے ہیں وہ وزیراعظم پاس جائیں کے مگر اسے ملاقات تصور نہیں کیا جائے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ وہ وزیراعظم پاس جا کر ملاقات کی دعوت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

منافع بخش سرکاری اداروں میں کے پی ٹی

پورٹ قاسم اور پی این ایس سی سرفہرست 0 1 اداروں میں شامل

تینوں اداروں کی کارکردگی کو اہم کامیابی قرار دے دیا، اطلامیہ جاری

اسلام آباد (انویسٹی گیشن رپورٹر) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد بنیاد اور چیئرمی نے کہا ہے کہ وزارت بحری امور کے تین اہم اداروں نے مالی سال کے دوران پاکستان کے 10 سب سے زیادہ منافع کمانے والے سرکاری اداروں میں جگہ بنا کر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ وزارت خواد کے سینڈل مانیٹرنگ رپورٹ سے جاری کردہ سرکاری اداروں کی سالانہ مجموعی رپورٹ برائے مالی سال کے مطابق کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے منافع بخش سرکاری اداروں میں پہلی، پورٹ قاسم اتھارٹی (پی کیو اے) نے ساتویں جبکہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) نے دسویں پوزیشن حاصل کی۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر نے اسے پاکستان کے بحری شعبے کے لیے اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ نتائج تینوں اداروں کی انتظامیہ اور ملازمین کی محنت، لگن اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ وزارت بحری امور (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



برلن: صدر آصف علی زرداری جرمنی میں گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں

نئی آٹو پالیسی سے گاڑیاں سستی ہونے کی امید میں بڑھ گئیں، آٹو پارٹس انڈسٹری پریشان

کراچی (انویسٹی گیشن رپورٹر) پانچ سالہ مجوزہ آٹو پالیسی ملک کی آٹو موبائل مارکیٹ میں بڑی تبدیلیاں اور گاڑیوں کی قیمتوں میں نمایاں کمی کی خوشخبری لے آئی ہے، تاہم دوسری جانب اس پالیسی نے متاثی آٹو پارٹس انڈسٹری کی چینیں الارا دی ہیں۔ مجوزہ پالیسی کے تحت بعض گاڑیوں کی قیمتوں میں 20 فیصد سے زائد کمی کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ تاہم ان سکیورٹیز کے مطابق نئے مسودے میں ہیٹری سے چلنے والی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

وزیراعظم نے عزت کیساتھ لیویز بھتہ ختم کیا تو ٹھیک ورنہ مارچ ہوگا، حافظ نعیم

اسمبلی نے جماعت اسلامی کا میٹرو روک کر امانت، دیانت اور خدمت کا راستہ روکا، اب مینڈیٹ پر ڈاکا نہیں ڈالنے دیں گے

25 کروڑ عوام کے مسائل حل، نظام کی تبدیلی کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی کا تقریب سے خطاب

کراچی (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی نے دو فرض ادا کرنے ہیں جو اب بھی نہیں تھے، بلاک پنی کے مسائل بھرپور طریقے سے حل کیے گئے ہیں، جماعت اسلامی کبھی ٹانڈ، یونین کونسل یا حکومت میں رہتے ہوئے بھی عوام کی خدمت کر رہی تھی، ہم عوام کی تائید اور ووٹ سے کامیاب ہو رہے تھے، اسٹیبلشمنٹ نے جماعت اسلامی کے میٹرو کو آنے سے روکا، درحقیقت امانت و دیانت اور عوامی خدمت کو روکا گیا، اب جماعت اسلامی چوروں اور ڈاکوؤں کا مقابلہ کرے گی اور عوامی مینڈیٹ پر قبضہ نہیں کرنے دیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ایم سی ہارٹ نارتھ ناظم آباد کے تحت بلاک پنی مسائل حل کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، امیر ضلع وسطی سید وجیہ حسن، ٹاؤن چیئرمین (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



لاہور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

2027 کیلئے گندم کی قیمت 4500 روپے من مقرر کرنیکا فیصلہ

پاکستان معیشت کو عالمی منڈیوں کیلئے مزید کھولنے اور عالمی سطح پر تسلیم شدہ اقتصادی ماہرین سے مشاورت کیلئے پر عزم ہے

حکومت قومی صنعت و پیداوار کی کارکردگی اور استعداد کار میں اضافے پر توجہ دے رہی ہے، وزیراعظم کی وفد سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف سے بین الاقوامی مشاورتی فرم الویز اینڈ مارشل (A&M) کے شمالی امریکہ آپریشنز کے منیجنگ ڈائریکٹر پیٹر برگ نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اپنی معیشت کو بین الاقوامی منڈیوں کے لیے مزید کھولنے اور عالمی سطح پر تسلیم شدہ اقتصادی ڈھانچوں کو بہتر بنانے اور میرٹ و شفافیت کے فروغ کے ذریعے معاشی ترقی اور خوشحالی کے حصول کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کو سرمایہ کاری کے لیے پرکشش بنانے کے لیے ہم نے کاروبار کرنے کی لاگت کم کی ہے، ٹیکس اصلاحات کی ہیں اور ایک مستحکم اور پیشہ ور سول سروس کو یقینی بنایا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے معیشت کو مستحکم کیا ہے اور اب ہم اس کی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے پر توجہ دے رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے معیشت کو مستحکم کیا ہے اور اب ہم اس کی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے پر توجہ دے رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر کو بنگلہ دیش کے بانی کی کشمیر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner



ادارتی صفحہ

مشرق وسطیٰ کا مستقبل

خلیج کے افق پہ ابھرتے ہوئے خطرات نے مسلم دنیا کے سامنے ایک ایسا سوال لاکھڑا کیا ہے، جس کا تعلق محض سرحدوں کی حفاظت سے نہیں، بلکہ مقدس مقامات کے تقدس، علاقائی خودمختاری اور امت مسلمہ کے مستقبل سے بھی ہے۔ جب جنگ کے شعلے سفارت کاری کی میز تک پہنچنے لگیں اور طاقت کے مظاہرے مذاکرات کی گنجائش محدود کرنے لگیں تو دفاعی تعاون کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی پیش رفت اسی تناظر میں اہمیت رکھتی ہے۔

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا یہ اعلان کہ حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کی اولین ترجیح اور سعودی عرب کی خودمختاری ایک سرخ لکیر ہے، اس شراکت داری کی حساسیت اور جڑ پکڑتی اہمیت کو نمایاں کرتا ہے۔ دوسری طرف پاکستان میں تعینات سعودی سفیر ڈاکٹر راجح حامی الاحقانی کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات اور دفاعی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور اسٹریٹجک رابطہ کاری کو مضبوط بنانے پر اتفاق اس امر کی علامت ہے کہ دونوں ممالک اپنے دیرینہ تعلقات کو نئے علاقائی حالات سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

حرمین شریفین مسلمانوں کے لیے محض دو مقدس مقامات نہیں، بلکہ ان کی روحانی وابستگی، تاریخی شعور اور اجتماعی عقیدت کا مرکز ہیں۔ ان کے تحفظ کا معاملہ کبھی ایک ملک کی سرحدی ذمے داری تک محدود نہیں رہتا، بلکہ پوری مسلم دنیا کے جذبات سے جڑ جاتا ہے۔ پاکستان میں بھی مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے احترام کو غیر معمولی تقدس حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی اور مقدس مقامات کے تحفظ سے متعلق کسی بھی خطرے پر پاکستانی عوام کی حساسیت فطری اور گہری ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے واضح کیا ہے کہ کسی جارحیت کی صورت میں مکہ الائنس کا اجتماعی دفاعی نظام حرکت میں آسکتا ہے، تاہم اس اتحاد کا کوئی چارٹر ادارہ نہیں۔ ان دونوں نکات کے درمیان توازن ہی اس معاہدے کی اصل معنویت متعین کرے گا۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین تعاون کو کسی مخصوص ملک کے خلاف اتحاد قرار دینے کے بجائے اس کے اعلان کردہ مقاصد، یعنی ڈھانچے اور آئندہ اقدامات کی روشنی میں جانچا جائے۔ قطعی ممالک کے جغرافیائی محل وقوع، دفاعی صلاحیتوں، سفارتی روابط اور علاقائی مفادات میں اہم فرق موجود ہے، لیکن یہی فرق باہمی تعاون کے نئے امکانات بھی پیدا کرتا ہے۔ سعودی عرب قیادت کے باعث ان عالمی تجارتی راستوں پر ایک مرکزی حیثیت رکھتا ہے جو جنوبی ایشیا اور بحیرہ عرب کے تناظر میں اہم دفاعی و جغرافیائی مقام کا حامل ہے، جب کہ ترکیے کے مشرق وسطیٰ اور وسیع تر علاقائی معاملات میں اپنے مفادات اور سفارتی روابط ہیں۔ اگر ان صلاحیتوں کو مشترکہ منصوبہ بندی، دفاعی تربیت، معلومات کے تبادلے اور بحران کے دوران رابطہ کاری کے لیے منظم کیا جائے تو یہ تعاون علاقائی سلامتی میں معاون بن سکتا ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کی بنیاد مذہبی وابستگی کے ساتھ طویل سفارتی، معاشی اور دفاعی تعاون پر بھی استوار ہے۔ دونوں ممالک نے مختلف ادوار میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا اور باہمی تعلقات کو اہمیت دی ہے۔ سعودی عرب نے ہر مشکل وقت میں پاکستان اور پاکستانی عوام کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ تازہ ترین کشیدگی ہو یا کوئی اور ایشو، سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کے موقف کی حمایت کی، اگر پاکستان کو معاشی اور سلامتی مشکلات کا سامنا ہوا تو اس مرحلے پر بھی سعودی عرب نے پاکستان کی بھرپور مدد کر کے ثابت کیا کہ سعودی عرب پاکستان کا محض دوست اور اتحادی ہے۔ لاکھوں پاکستانی سعودی عرب میں کاروبار اور نوکریاں کر رہے ہیں اور پاکستان میں زرمبادلہ بھیج رہے ہیں۔ پاکستان اور سعودی عرب ہمیشہ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں۔ اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ علاقائی امن وسلامتی کے لیے ان کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ پاکستان اور سعودی عرب کے باہمی تعلقات کے بارے میں کچھ کہنے کی ضرورت اس لیے نہیں ہے کہ اس سے پوری دنیا آگاہ ہے۔ سعودی عرب نے ہر مشکل موقع پر پاکستان کی مدد کی ہے اور ہر عالمی فورم پر پاکستان کے مؤقف کی حمایت کی ہے۔ ادھر پاکستان نے بھی سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کو اولین ترجیح میں رکھا ہے۔ مکہ معاہدہ کے تحت صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ ترکیہ بھی سعودی عرب کے ساتھ تعاون کرے گا۔ خلیج کی بڑھتے سے تیل کی قیمتوں، سمندری تجارتی راستوں، بیرہ اثرات اور عالمی رسد پر دباؤ پڑنے کا خدشہ رہتا ہے۔ پاکستان بھی معیشت، جو توانائی کی درآمدات اور بیرونی مالی حالات سے متاثر ہوتی ہے، ایسے بحران کے اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکتی۔ مہنگا تیل، درآمدی بل میں اضافہ، پیداواری لاگت میں شدت اور عام شہری کی قوت خرید میں مزید کمی کا باعث بن سکتا ہے۔ اس لیے مشرق وسطیٰ میں امن پاکستان کے لیے محض خارجہ پالیسی کا موضوع نہیں، بلکہ معاشی استحکام اور داخلی فلاح کا معاملہ بھی ہے۔

پاکستان کے لیے سب سے اہم سوال سفارتی کردار میں توازن قائم رکھنے کا ہے۔ ضروری ہے کہ مشرق وسطیٰ میں موجود تنازعات میں غیر ضروری توسیع روکنے کے لیے، فریقین کو مذاکرات کی طرف لانے کی کوشش کی جائے۔ جنگ کے نتائج میدان جنگ سے نکل کر نسلوں کی معیشت، معاشرت اور سیاسی مستقبل پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

پاکستان کے پاس مسلم ممالک کے ساتھ دیرینہ تعلقات، سفارتی راستوں اور مختلف علاقائی فریقوں سے بات چیت کے تجربے کی صورت میں ایسے امکانات موجود ہیں جنھیں کشیدگی کم کرنے کے لیے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ مشرق وسطیٰ کے ممالک کی قیادت کو بھی حالات کی سنگینی کا احساس کرتے ہوئے اپنے سخت رویے میں تبدیلی لانی چاہیے۔ پاکستان کی اس پورے منظرنامے میں اپنی قومی سلامتی، معاشی ضروریات اور سفارتی آزادی کو ایک مربوط حکمت عملی کے تحت آگے بڑھانا ہوگا۔

سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کی مضبوطی پاکستان کے لیے اہم ہے۔ وسیع تر مسلم دنیا میں اعتماد پیدا کرنا اور غلط میں امن کے امکانات محفوظ رکھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ مکہ الائنس اگر دفاعی تحفظ کو جنگ کی روک تھام، مذاکرات کی حمایت اور علاقائی تعاون کے ساتھ جوڑنے میں کامیاب ہوتا ہے تو اس کی اہمیت محض تین ممالک کے باہمی معاہدے سے کہیں بڑھ سکتی ہے۔ مشرق وسطیٰ کی جو صورت حال ہے، وہ پوری دنیا کے لیے پریشانی کا باعث بنی ہوئی ہے۔ چین، اقوام متحدہ، یورپی ممالک اور تجارتی راستوں کا براہ راست یا بالواسطہ متاثر ہونا، مشرق وسطیٰ کی جو صورت حال ہے، وہ پوری دنیا کے لیے ہر لحاظ سے باعث تشویش

بقیہ 1

پوری کرنے اور مناسب منافع حاصل کرنے میں مدد ملے گی، کسانوں کو گندم کی کاشت کی جانب راغب کرنا حکومت کے اہم مقاصد میں شامل ہے تاکہ آئندہ سیزن میں گندم کی زیادہ سے زیادہ بوائی اور ملکی پیداوار میں اضافہ ممکن بنایا جاسکے۔ وزیراعظم نے اس امر کی نشاندہی کی کہ گزشتہ برسوں کے دوران مہنگائی اور زرعی اخراجات میں اضافے کے باعث کسانوں کو مالی مشکلات کا سامنا رہا ہے، جبکہ پاکستان کو گزشتہ دو برسوں کے دوران گندم درآمد بھی کرنا پڑی، ایسے حالات میں گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافہ مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی اور ملکی غذائی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت بہتر بنانے کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے۔ حکومت کی توقع ہے کہ نئی مجوزہ قیمت کے باعث کاشت کار گندم کی کاشت میں زیادہ دلچسپی لیں گے، جس سے آئندہ سیزن میں زیر کاشت رقبے اور مجموعی پیداوار میں اضافے کے امکانات روشن ہوں گے، اس اقدام کو کسانوں کی معاشی بہتری، زرعی شعبے میں استحکام اور غذائی تحفظ کے فروغ کی کوششوں کا اہم حصہ قرار دیا جارہا ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ گندم کی مقامی پیداوار میں اضافہ نہ صرف کسانوں کے معاشی مفادات کے تحفظ میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ ملک کو غذائی ضروریات کے حوالے سے زیادہ خودکفیل بنانے کی کوششوں کو بھی تقویت دے گا، حکومت کو توقع ہے کہ سال 2027 میں اس فیصلے کے مثبت اثرات ملکی زراعت، گندم کی دستیابی اور کسانوں کی خوشحالی کی صورت میں سامنے آئیں گے۔ واضح رہے کہ 4 ہزار 500 روپے فی من کی قیمت کو فی الحال مجوزہ یا اشاراتی قیمت قرار دیا گیا ہے، اس لیے اسے حتمی طور پر نافذ شدہ سرکاری خریداری قیمت تصور کرنے سے قبل متعلقہ سرکاری اعلان اور طریقہ کار کی تصدیق ضروری ہوگی۔

بقیہ 2

• مدت پر مشتمل جامع ایکشن پلان پیش کیا جائے، لائیو سٹاک اور ڈیری کے شعبے کی ترقی کے لیے عالمی معیار کے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی جائیں اور متعلقہ ممالک کے تجربات سے استفادہ کیا جائے، پاکستان میں لائیو سٹاک کے شعبے میں وسیع استعداد موجود ہے، اسے برآمدات اور معاشی ترقی کے لیے بروئے کار لایا جائے۔ جمعہ کو جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت لائیو سٹاک کے شعبے میں اصلاحات، لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو اور منہ کھر کی بیماری کے خاتمے کے لیے اقدامات کا جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے بورڈ کی تنظیم نو کے لیے شفاف اور میرٹ پر مبنی طریقہ کار اپنانے، نجی شعبے کے ماہرین کو شامل کرنے اور منہ کھر کی بیماری کے خاتمے کے لیے واضح اہداف، قابل پیمائش نتائج اور مقررہ مدت پر مشتمل ایکشن پلان پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ لائیو سٹاک اور ڈیری کے شعبے کی ترقی کے لیے عالمی معیار کے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی جائیں اور اس شعبے میں مہارت رکھنے والے ممالک کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ جانوروں کی صحت، افزائش نسل، پیداوار اور ویلیو چین میں بہتری کے ذریعے پاکستان کی برآمدی استعداد سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے، جس سے دیہی معیشت اور روزگار کے مواقع کو بھی فروغ ملے گا۔ اجلاس میں بورڈ کی تنظیم نو، جانوروں کی بیماریوں کی نگرانی، ویکسینیشن، جانوروں کی شناخت و ٹریس ایبلٹی اور گوشت و ڈیری مصنوعات کی برآمدات بڑھانے کے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، رانا تنویر حسین، ڈاکٹر مصدق ملک، عطاء اللہ تارڑ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 3

کیا جاسکتا، دہشتگردی کے خاتمے کے ایجنڈے پر جو شامل نہیں ہوگا وہ مائنس ہوگا کوئی بھی سیاسی جماعت ہو جو پورے خلوص کے ساتھ فورسز کے ساتھ کھڑی نہیں ہوتی وہ مائنس ہوجائے گی۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ اس وقت 28 ویں ترمیم کی کوئی بات نہیں ہوئی، نہ کوئی مسودہ سامنے آیا ہے، دہشتگردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے۔

بقیہ 4

دوران مصر، اردن اور مراکش کی بیرونی مالیاتی پوزیشن میں بہتری آنے کی توقع ہے، جس کی وجہ اجناس کی کم قیمتیں اور برآمدات میں توسیع ہوگا۔ تاہم پاکستان کی بیرونی مالیاتی پوزیشن کمزور ہوسکتی ہے، کیونکہ درآمدات میں اضافہ اور ترسیلات زر میں کمی متوقع ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کے جاری کھاتے کا خسارہ مجموعی قومی پیداوار کے ایک فیصد یعنی تقریباً 4.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی پیش گوئی کی ہے۔ یہ تخمینہ حکومت کے تقریباً 2.5 ارب ڈالر کے سرکاری اندازے سے کہیں زیادہ ہے۔ عالمی مالیاتی ادارے کے مطابق، پاکستان کی مجموعی بیرونی مالیاتی ضروریات جی ڈی پی کے 22 سے 25 فیصد تک رہنے کا امکان ہے، جو ہم پلہ ممالک کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے اور مختلف مالیاتی خطرات کا باعث بن سکتی ہیں۔ رپورٹ میں حکومت اور تجارتی بینکوں کے درمیان گہرے تعلق کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف کے اندازے کے مطابق، بینکوں کے مجموعی اثاثوں یا سرمایہ کاری میں سرکاری قرضوں سے متعلق ایکسپوژر 63 فیصد ہے، جو ابھرتی ہوئی معیشتوں کی اوسط سطح سے کہیں زیادہ ہے۔ آئی ایم ایف نے خبردار کیا کہ حکومتی قرضوں میں اضافے سے متعلق خدشات کے نتیجے میں حکومت کے لیے قرض لینے کی لاگت بنیادی تخمینوں سے زیادہ ہوسکتی ہے۔ اس سے مصر اور پاکستان جیسے ممالک میں مالیاتی استحکام کے مسائل مزید سنگین ہونے کا خدشہ ہے، جہاں مجموعی مالیاتی ضروریات پہلے ہی زیادہ ہیں۔ حکومت روپے کی قدر میں کمی کی اجازت دینے سے متعلق کسی بھی تجویز پر محتاط رویہ اختیار کیے ہوئے ہے، کیونکہ اس سے مہنگائی بڑھنے کا خدشہ ہے اور برآمدات کو حقیقی معنوں میں فائدہ پہنچنے کے امکانات بھی واضح نہیں ہیں۔ جمعرات کو انٹربینک مارکیٹ میں امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر ایک پیسے اضافے کے بعد 276.85 روپے رہی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ممالک کو مانیٹری پالیسی مزید سخت کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے، بالخصوص وہاں جہاں مہنگائی پہلے ہی مقررہ ہدف سے زیادہ ہو اور پالیسی کا موجودہ انداز نسبتاً نرم دکھائی دے۔ ایسی صورت حال میں مرکزی بینک کی پالیسی شرح سود، افراط زر کے ساتھ ہم آہنگ ہو یا شرح سود، اندازاً غیر جانب دار سطح سے کم ہوتی ہے۔ یہ صورتحال کرغزستان اور پاکستان میں زیادہ نمایاں ہے۔ آئی ایم ایف نے بتایا کہ تنازع شروع ہونے کے بعد مختلف ممالک نے اپنے شرح مبادلہ کے نظام کے مطابق شرح سود سے متعلق مختلف اقدامات کیے۔ لچکدار شرح مبادلہ رکھنے والے ممالک میں پاکستان واحد ملک تھا جس نے تنازع شروع ہونے کے بعد شرح سود میں اضافہ کیا۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کی معاشی ترقی کی پیش گوئی 3.5 فیصد پر برقرار رکھی ہے۔ یہ شرح حکومت کے چار فیصد کے سرکاری ہدف سے کم اور عالمی بینک کے تخمینے سے بھی نیچے ہے۔ مالیاتی محاذ پر آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ خطے کی متعدد معیشتوں میں 2026 کے دوران مالیاتی پالیسی نسبتاً نرم ہونے کی توقع ہے، جبکہ 2027 سے مالیاتی استحکام اور اخراجات میں ضبط کی پالیسی دوبارہ شروع ہوسکتی ہے۔

بقیہ 5

کو نقصان پہنچا، آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں نے بلوچستان کے عوام کو نقصان پہنچانے اور صوبے کی ترقی و خوشحالی روکنے کی کوشش کی، آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، گوادر میں کلیئرنس آپریشن مکمل کرکے علاقے میں امن وامان اور ریاستی عمل داری بحال کر دی گئی، دہشت گردوں کی جانب سے بلوچ خاتون کو حملے کے لیے استعمال کرنا بلوچ خواتین کی حرمت کے خلاف جرم ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گرد بلوچ خواتین کو اپنے مذموم مقاصد اور پروپیگنڈے کے لیے استعمال کر رہے ہیں، بلوچستان کے عوام اپنے نام پر خون بہانے والوں کو مسلسل مسترد کرتے آئے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا کہ وفاقی ایپکس کمیٹی کے منظور کردہ وژن عزم استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 6

حملے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہم اپنا مشن دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے اور وہ جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں بھرپور انداز میں نشانہ بنائیں گے۔ سکیورٹی فورسز کے شہدا اور غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اور ان کے گمراہ کن نظریات کو ضرور شکست دے گا۔ قبل ازیں پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا استقبال کیا۔

بقیہ 7

ہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے، شہدا پیکج دیا گیا ہے، تجاوزات کے خاتمے اور صفائی مہم کو بھی ہدف بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اضافی گندم اسمگل کے ذمہ داروں کو نتائج بھگتنا پڑیں گے، تجاوزات پر قبضے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ ہی کسی کی سفارش قبول کی جائے گی، جہاں بھی تجاوزات ہوں گی، متعلقہ ضلعی حکومت ذمہ دار ہوگی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ گھر بیٹھ کر تنخواہیں لینے والوں کو اب کام کرنا ہوگا، انہیں اپنا بندوبست کرنا چاہیے، پولیس، وفاقی کانسٹیبلری اور محکمہ انسداد دہشت گردی کو درکار تعاون فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی ٹیم کو اختیارات دیں گے، ڈپٹی کمشنرز کو اختیارات دے دیے گئے ہیں، یہ اختیارات کسی ایک شخص تک محدود نہیں ہوں گے بلکہ انہیں تقسیم کیا جائے گا، اگر افسران کے پاس اختیار نہیں ہوگا تو ان کا احترام کون کرے گا؟ فیصل کریم کنڈی نے واضح کیا کہ کسی کو سیاسی انتقام کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا اور نہ ہی تبادلوں اور تعیناتیوں میں کسی کی سفارش چلے گی، ہم کسی سیاسی مقصد کے لیے نہیں بلکہ علاقے کی ترقی کے لیے کام کریں گے۔ گورنر نے کہا کہ قبائلی عمائدین کے خاندانوں نے بڑی قربانیاں دی ہیں، جب تک سزا اور جزا کا نظام قائم نہیں ہوگا، معاملات درست نہیں ہو سکتے، بے مقصد منصوبوں کو آگے نہیں بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پانی کے معاملے سمیت صوبے کے دیگر حقوق کے لیے وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے، یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ تمام مطالبات پورے ہو جائیں گے، وفاق سے ملنے والے تمام فنڈز صوبے کی ترقی پر خرچ کیے جائیں گے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ہم ایک بدلتے، نکھرتے اور مضبوط خیبر پختونخوا کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ 8

اعتراف کیا کہ کاربن لیوی نہ منصوبوں کو مل رہی ہے اور نہ ہی ماحولیاتی منصوبوں پر خرچ ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پانی کا مسئلہ ہے جبکہ سندھ میں ریزیلینس اسکولز موجود نہیں ہیں، کے پی میں اپنے ماحولیاتی مسائل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاربن ٹیکس کی رقم کس صوبے کو کتنی مل رہی ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان 2022 اور 2025 میں بھی شدید اور تباہ کن سیلابوں سے دوچار رہا۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی پر کاربن ٹیکس عائد کیا جارہا ہے اور وفاق بلاتفصیل یہ رقم وصول کررہا ہے، جو فیڈرل کنسولیڈیٹڈ فنڈ میں جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں جنگی صورتحال ہے اور ایران پر دوبارہ حملے کی خبریں سامنے آرہی ہیں، تمام ارکان یہ سوال اٹھا رہے ہیں کہ موجودہ صورتحال میں کیا پاکستان کے پاس پٹرول دستیاب ہوگا۔ شیری رحمان نے کہا کہ گزشتہ سال ایل پی جی کے پانچ کارگو آئے تھے جبکہ اس سال صرف دو کارگو آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتہائی سنجیدہ معاملات ہیں، پٹرولیم منسٹر ایوان میں آکر پٹرول اور گیس کے حوالے سے اپنی منصوبہ بندی سے آگاہ کریں۔

بقیہ 9

منصوبہ تیار کرنے کا ارادہ ہے، جس میں مرکزی پارک کے گرد رہائش اور دیگر سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے سفاری پارک کو بھی بہتر بنانے کا منصوبہ ہے، جہاں جانوروں کی تعداد اور تفریحی سہولتوں میں اضافہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تفریحی سرگرمیوں کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، منصوبوں میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھانے اور شفافیت یقینی بنانے کے لیے نیلامی کے عمل میں متعلقہ فریقوں کو شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سعودی سرمایہ کار بھی پاکستان میں رہائشی اور تفریحی منصوبوں میں سرمایہ کاری کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کرنے اور منصوبوں کی منظوری کے عمل کو تیز کرنے کے لیے اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ 10

کے خلاف آواز بلند کی اور آئین شکن قوتوں کے مقابلے کیلئے قائدانہ کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ آمریت کے سیاہ دور میں بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی شمع روشن رکھی اور اپنی بے مثال سیاسی جدوجہد کے ذریعے مادر جمہوریت کا مقام حاصل کیا۔ ان کی قیادت، قربانیاں اور جمہوری اصولوں سے وابستگی آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ نیر حسین بخاری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور بھٹو ازم سے وابستہ جیالے مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کو ان کی تاریخی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی بالادستی، پارلیمان کے وقار، جمہوری اقدار کے تحفظ اور عوام کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 11

گھر پر چھاپے کے دوران فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس میں 2 دہشتگرد مارے گئے، جبکہ ڈی ایس پی سی ٹی ڈی عمران الدین خان، سب انسپکٹر افضل اعوان، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی کے گن مین کاشم اور بم ڈسپوزل یونٹ کے اہلکار امجد نے جام شہادت نوش کیا۔ شہید ہونے والے سب انسپکٹر افضل اعوان تھانہ تتر کے ایس ایچ او تھے۔ حکام کے مطابق علاقے میں آپریشن تاحال جاری ہے۔ ایس پی آپریشنز ضلع کے تمام ایس ایچ اوز اور متعلقہ پولیس افسران کارروائی میں شریک ہیں، جبکہ دہشتگردوں کے خلاف موثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 12

والے تمام ایم ایس مالی امور ان کی ہدایت کے مطابق ہی نمٹاتے رہے ہیں۔ حیرت انگیز امر یہ ہے کہ وہاب اللہ یوسفانی کے خلاف مختلف شکایات محکمہ صحت سندھ، چیف سیکریٹری، وزیر اعلیٰ سندھ کی معائنہ ٹیم، اینٹی کرپشن، صوبائی محتسب اور اے جی سندھ و دیگر متعلقہ اداروں میں زیر التوا ہیں اور تقریباً دو ماہ قبل 20 گریڈ کے ہسپتال کے وارڈ سرونٹ محمد اکرام نے اپنی تنخواہ سے لاکھوں روپے کی غیر قانونی کٹوتی کے خلاف وہاب اللہ یوسفانی کے خلاف باقاعدہ اینٹی کرپشن اسسٹنٹ کمشنر، اے جی سندھ و دیگر متعلقہ اداروں میں شکایتی درخواست دی جس پر تحقیقات کا آغاز تو ہوا لیکن حیرت انگیز طور پر اے جی سندھ جیسے اہم اور حساس سرکاری ادارے میں ہونے والی تحقیقات میں ادارے کے بعض افسران جن میں اسسٹنٹ اکاؤنٹ آفیسر ناظم بھٹو اکاؤنٹ آفیسر شکیل بروہی کے علاوہ بعض دیگر افسران مدعی محمد اکرام کی درخواست پر ہونے والی تحقیقات میں عدم تعاون کی پالیسی کے ذریعے بالواسطہ سنگین الزام میں ملوث وہاب اللہ یوسفانی کو بچانے کی کوششوں میں مبینہ طور پر ملوث بتائے گئے ہیں۔ ہسپتال کا متاثرہ ملازم محمد اکرام نے اے جی سندھ سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے ماتحت افسران کی مبینہ خلاف قانون سرگرمیوں کا نوٹس لیتے ہوئے فرانزک آڈٹ کے ذریعے انہیں فوری انصاف فراہم کرے۔

بقیہ 13

کے استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 14

راستے میں بھی کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ وفاقی وزیر کی ہدایات کی روشنی میں پاور ڈویژن تمام ڈسکوز کو پابند کر رہی ہے کہ اب ڈیٹیکشن بلنگ صرف اور صرف پی آئی ٹی سی کے مرکزی آن لائن پورٹل کے ذریعے ہی عمل میں لائی جائے گی۔ فیلڈ عملے یا ایس ڈی اوز کی جانب سے دستی اور من مانے ڈیٹیکشن بل جاری کرنے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ مینوئل طریقے سے بل ڈالنے کے عمل کو باضابطہ طور پر سنگین مس کنڈکٹ تصور کیا جائے گا جس پر متعلقہ افسران و اہلکاروں کے خلاف سخت انضباطی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے بڑی سزائیں دی جائیں گی۔ اس فریم ورک کے تحت کنزیومر سروس مینوئل میں بھی جامع ترامیم کی تجاویز آئندہ کچھ دنوں میں پیش کی جائیں گی تاکہ ہر اقدام کو مخصوص اور واضح مدت کا پابند بنایا جا سکے۔ نئے فریم ورک کے تحت خراب یا جلے ہوئے میٹرز کو فوری طور پر یا زیادہ سے زیادہ دو بلنگ سائیکلز کے اندر تبدیل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ اس دوران اوسط بلنگ کا بوجھ بھی صرف دو ماہ تک ہی محدود رہے گا۔ میٹر کی رفتار سست یا تیز ثابت ہونے کی صورت میں ریکوری یا کریڈٹ ایڈجسٹمنٹ کو حتمی ٹیسٹ کے ساتھ پچھلے دو بلنگ سائیکلز تک محدود رکھا جائے گا، اسی طرح ڈیٹیکشن بلنگ کے دورانیے کو بھی واضح ضابطے میں لاتے ہوئے غیر قانونی استعمال پر عام صارفین کے لیے ڈیٹیکشن بل کا دورانیہ تین بلنگ سائیکلز مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ رجسٹرڈ صارفین کے لیے ڈیٹیکشن کی زیادہ سے زیادہ حد 6 ماہ جبکہ غیر رجسٹرڈ صارفین کے لیے 12 ماہ تک محدود کی جائے گی۔ اصلاحاتی نظام کے تحت ڈسکوز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور ان کی کسٹمر سروس کمیٹیوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ ہر ماہ ڈیٹیکشن بلوں کی درستگی، شفافیت اور جائز ریکوری کا خود باقاعدگی سے تفصیلی جائزہ لیں گی۔ وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری نے عزم کا اعادہ کیا ہے کہ حکومت کا مقصد بجلی کے شعبے کو صارف دوست بنانا اور ہر سطح پر مکمل جوابدہی کو یقینی بنانا ہے۔ صارفین کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی قانون اور قواعد و ضوابط سے بالاتر ہو کر عوام کا معاشی استحصال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ واضح رہے کہ ڈیٹیکشن بل (Detection Bill) اضافی چارج یا جرمانے پر مشتمل وہ بل ہے جو بجلی تقسیم کار کمپنیاں صارف کو اس وقت بھیجتی ہیں جب میٹر میں گڑبڑ، بجلی چوری، میٹر کے سست چلنے، یا قانون کی خلاف ورزی کا معاملہ ہوتا ہے۔

بقیہ 15

فاخ آمد پر صدر مملکت کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ جرمن صدر فرینک والٹر شٹائن مائر نے آصف علی زرداری کا وزارت دفاع آمد پر استقبال کیا۔ اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ تقریب میں دونوں ممالک کے قومی ترانے بجائے گئے۔ صدر مملکت نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر صدر مملکت اور جرمن صدر کے درمیان خوشگوار جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔ دونوں سربراہان مملکت نے اپنے اپنے وفود کا تعارف کرایا۔ صدر مملکت جرمنی کے صدر فرینک والٹر شٹائن مائر کی دعوت پر جرمنی کا دورہ کر رہے ہیں۔ اس موقع پر صدر مملکت جرمنی کے صدر اور اعلیٰ حکومتی عہدیداران سے ملاقات کریں گے جن میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی و عالمی صورتحال، معاشی اور تجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال ہوگا۔ واضح رہے کہ رواں سال دونوں ممالک سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منا رہے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک کے فروغ کو نئی جہت دینے کی جانب معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ 16

دیں گے، جب وزیراعظم سے ملاقات ہوگی تو پھر آئینی معاملات زیر بحث آئیں گے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے کہا کہ پاکستان میں ضرورت مند اور غربا کی مدد کرنے کا رجحان موجود ہے، آپ نے بھی دیکھا ہے کہ پاکستان میں کہیں کوئی فٹ پاتھ پر لوگ سو رہے ہوں؟ انہوں نے کہا کہ بھارت میں ایسے شہر موجود ہیں جہاں لوگ فٹ پاتھ پر سوتے ہیں۔ جہاں تک میری نظر ہے پاکستان میں کوئی بھوکا نہیں سوتا۔ آپ ایسے پروپیگنڈے کا شکار نہ ہوں۔ ایسی رپورٹس کو بنیاد بنا کر اس قسم کا پروپیگنڈا مناسب نہیں۔

بقیہ 17

انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی دکھ کی اس گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 18

برآمدات پر مبنی ترقی اور پیداواری معیشت کے نئے دور کا آغاز کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت قومی صنعت و پیداوار کی کارکردگی اور استعداد کار میں اضافے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، جبکہ براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے حصول کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ محمد شہباز شریف نے بتایا کہ حکومت سرکاری ملکیتی اداروں کی معاشی افادیت اور پائیداری کا جائزہ لینے کے لیے فعال حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، جس کے تحت قومی معیشت کی بہتری اور اقتصادی ترقی کے لیے ان اداروں کی نجکاری کی جارہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ معاشی ترقی کے عمل کو موثر اور تیز رفتار بنانے کے لیے ماہرین کی ہم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی حامل افرادی قوت اہمیت رکھتی ہے۔ پاکستان اقتصادی ترقی کو مستحکم کرنے کے لیے موثر اور فعال بین الاقوامی مشاورتی فرموں کے ساتھ نتیجہ خیز شراکت داری کے لیے تیار ہے۔ الوریز اینڈ مارسل کے مینیجنگ ڈائریکٹر پیٹر بریگز نے ملاقات کا موقع فراہم کرنے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور عالمی اقتصادی ماہرین کے ساتھ روابط قائم کرنے کے لیے حکومت پاکستان کے عزم کو سراہا۔ پیٹر بریگز نے پاکستان میں کاروبار کے لیے سازگار ماحول کے فروغ اور پیداواری معیشت کے قیام کے لیے اپنی فرم کی جانب سے تعاون اور موثر رابطہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، وزیراعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام شریک ہوئے۔ الوریز اینڈ مارسل کی جانب سے دبئی کے مینیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر رضا باقر، لندن کے مینیجنگ ڈائریکٹر طارق حمید اور استنبول کے مینیجنگ ڈائریکٹر اوزکور اوہ بھی وفد میں شامل تھے۔

بقیہ 19

نے اپنے بھائی کو جان سے مار دیا اور روپوش ہوگیا۔ پولیس نے بتایا کہ والدہ نے قتل کی اطلاع دی تو خود کو بیرون ملک ظاہر کیا، پاکستان پہنچنے تک تدفین روکنے پر زور دیا اور بھائی کے جنازے میں شریک ہوا۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم کی بھائی کے ساتھ گھومتے پھرتے کے سارے مناظر کیمرے کی آنکھ میں محفوظ ہوگئے۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 5 دن میں ملزم کو گرفتار کرلیا، بظاہر قتل زمین کے تنازع اور گھریلو ناچاقی پر کیا گیا، اس حوالے سے مزید تفتیش شروع کردی گئی۔

بقیہ 20

ناظم ٹاؤن آباد حافظ علی خان اور وائس ٹاؤن چیئرمین ضیا جامعی بھی موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے بلاک بی کو ماڈل محلہ بنانے پر ٹاؤن چیئرمین اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ناظم آباد ٹاؤن میں بلاک بی جماعت اسلامی کی یونین کونسل نہیں تھی، اس کے باوجود یہاں کام کیا گیا۔ جماعت اسلامی کراچی کے 13 ٹاؤنز جیت چکی تھی، لیکن پیپلز پارٹی نے پہلے جماعت اسلامی کے 4 ٹاؤنز اور یونین کونسلوں پر قبضہ کرنا شروع کیا۔ میئر کے انتخاب کے لیے پی ٹی آئی کے 32 ارکان کو اٹھالیا گیا۔ بلدیاتی حکومت میں ٹاؤنز اور یونین کونسلوں کے کاموں پر بھی قبضہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 21

یکٹرک گاڑیوں (ای وی) پر جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) ایک فیصد برقرار رکھا گیا ہے، جبکہ پلگ ان ہائبرڈ گاڑیوں پر 9 فیصد اور رینج ایکسٹینڈڈ الیکٹرک گاڑیوں پر 6 فیصد ٹیکس تجویز کیا گیا ہے۔ اس اقدام سے حکومت کا مقصد توانائی بالخصوص مکمل بیٹری الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال کو فروغ دینا ہے۔ صنعت کے تخمینوں کے مطابق ہونڈا HR-V e:HEV، ہاول جولین اور ٹویوٹا کرولا کراس کے بعض ماڈلز کی قیمتوں میں تقریباً 6 لاکھ سے 8 لاکھ روپے تک کی بچت ہو سکتی ہے۔ نئے مسودے میں مقامی سطح پر تیار ہونے والے مکمل ناک ڈاؤن پرزہ جات پر درآمدی محصولات کی شرح مالی سال 2030-31 تک 25 فیصد کے مقابلے میں کم کرکے 15 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹوموٹیو پارٹس اینڈ ایکسیسریز مینوفیکچررز (پاپام) کے قائدین نے اس پالیسی کو متعدد صنعتوں کو تباہ کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ پاپام رہنماؤں کا کہنا ہے کہ نئی اور استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمدات میں ہوشربا اضافے نے پہلے ہی مقامی انڈسٹری کو نقصان پہنچایا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق نئی درآمدی گاڑیاں اگست کے 391 یونٹس سے بڑھ کر ستمبر میں 407.2 یونٹس ہوگئیں، جبکہ استعمال شدہ گاڑیوں کی تعداد 185.1 سے بڑھ کر 454.2 تک پہنچ گئی۔ صرف ستمبر میں درآمد کی جانے والی 861.4 مکمل تیار شدہ گاڑیوں کے باعث مقامی آٹو پارٹس مینوفیکچررز کو تقریباً 7.3 ارب روپے کی ممکنہ آمدنی سے محرومی کا سامنا کرنا پڑا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ قیمتوں میں ممکنہ کمی کے پیش نظر خریدار سستی گاڑیوں کی امید میں فی الحال خریداری موخر کر سکتے ہیں، جس سے مینوفیکچررز کو اپنے موجودہ اسٹاک کے حوالے سے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 22

کی مسلسل رہنمائی اور نگرانی کا مظہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اداروں کی کارکردگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ بہتر مالیاتی انتظام، آپریشنل استعداد میں اضافے اور وسائل کے موثر استعمال کے ذریعے پاکستان کے بحری ادارے قومی معیشت میں اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ کامیابیاں سرکاری اداروں کو مضبوط بنانے اور ملکی اقتصادی ترقی میں ان کے کردار کو بڑھانے کے حکومتی وژن سے ہم آہنگ ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ان اداروں کی مالی کارکردگی کو برقرار رکھنے اور مزید بہتر بنانے کے لیے اچھی طرز حکمرانی، ادارہ جاتی جواب دہی اور انتظامی اصلاحات کا سلسلہ جاری رکھنا ضروری ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ کے پی ٹی، پورٹ قاسم اتھارٹی اور پی این ایس سی کی نمایاں بہتری پاکستان کی بندرگاہوں اور قومی بحری جہاز رانی کی معاشی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ یہ ادارے ملکی و بین الاقوامی تجارت، سامان کی ترسیل و ہینڈلنگ اور بحری راہداریوں کو موثر بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ اداروں کی مسلسل کوششوں، موثر انتظامی حکمت عملی اور بہتر کارکردگی کے ذریعے بحری اداروں کی مالی حیثیت مزید مستحکم ہوگی اور پاکستان کے بحری شعبے کی ترقی کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 23

عمل پر کام جاری ہے۔ سینئر صوبائی وزیر نے بتایا کہ چین کے تعاون سے اگلے سال بین الاقوامی سطح کی ایئر کوالٹی کانفرنس منعقد کی جائے گی، پنجاب میں ایئر کوالٹی مانیٹرنگ سٹیشنز کی تعداد 69 تک بڑھادی گئی ہے، جبکہ ہدف 100 سٹیشنز کا قیام ہے۔ مریم اورنگزیب کے مطابق بیجنگ کے کامیاب ماڈل سے استفادہ کرتے ہوئے پنجاب میں سموگ کے تدارک کیلئے سال بھر اقدامات جاری ہیں، ماحول دوست ٹیکنالوجی اور جدید نگرانی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، سپر سیڈرز اور جدید طرز کے استعمال سے فصلوں کی باقیات جلانے کی حوصلہ شکنی کی جارہی ہے، جبکہ زرعی باقیات کو معاشی وسائل میں تبدیل کرنے کیلئے جدید طریقوں کے فروغ پر توجہ دی جارہی ہے۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں گرین انرجی اور ای موبلٹی کو فروغ دیا جارہا ہے، طلبہ کو ایک لاکھ الیکٹرک بائیکس کی فراہمی ماحول دوست سفر کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور، ملتان اور سرگودھا میں کینسر کے علاج کی سہولتوں اور ضلعی کینسر مراکز کے قیام پر کام جاری ہے، جبکہ صحت اور تعلیم میں اصلاحات حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔ چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے پاک چین تعاون کے فروغ میں کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں مشترکہ ترقیاتی منصوبوں کے وسیع امکانات موجود ہیں، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن کی آمد اور تعاون کی یقین دہانی پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 24

ایک تبادلہ پروگرام کی سابق شریک ہیں۔ جینا ہارون نے اپنی والدہ کے زیورات سے آغاز کرتے ہوئے وراثت میں ملنے والے زیورات اور آرائشی اشیا کو اپنے فن پاروں میں یادوں، شناخت اور خاندانی تسلسل کی علامت کے طور پر استعمال کیا ہے۔ اس نمائش کا افتتاح امریکی تعلیمی اور تبادلہ پروگراموں کی کئی دہائیوں پر محیط تاریخ کا مظہر ہے۔ علاوہ ازیں یہ نمائش ایک ایسی سابق شریک کو نمایاں کرتی ہے جن کی کامیابیاں امریکا اور پاکستان کی باہمی شراکت داری کی عکاس ہیں۔ افتتاحی تقریب میں امریکی محکمہ خارجہ کے مندوبین، سرتنگ گیلری کی ڈائریکٹر اور نمائش کی پروگرام ایڈوائزر عاصمہ راشد خان، نمائش کی کیوریٹر سارہ راچپر سمیت فنون لطیفہ کے شعبے سے وابستہ شخصیات، تبادلہ پروگراموں کے سابق شرکا اور سفارتی حلقوں کے ارکان نے شرکت کی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکی سفارتخانہ پاکستان کی ڈائریکٹر پبلک انگیجمنٹ ہائیڈی استھ نے کہا کہ کئی دہائیوں سے جاری تعلیمی اور ثقافتی تبادلہ پروگرام امریکی اور پاکستانی شہریوں کو تعلیم، جدت اور تخلیق کے شعبوں میں شراکت دار کے طور پر قریب لانے کا ذریعہ ثابت ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جینا ہارون کا کام ظاہر کرتا ہے کہ تبادلہ پروگرام کا تجربہ کس طرح کسی فنکار کے تصور کو نکھارتا اور دونوں ممالک کے درمیان روابط کو مضبوط بناتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کے اڑھائی سو سالہ جشن آزادی کے موقع پر تبادلہ پروگراموں کے سابق شرکا پاکستان اور امریکا کے باہمی تعلقات کے اگلے باب کی تشکیل میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ہائیڈی استھ نے جینا ہارون کو ان کی فنی مہارت اور کامیابیوں کے اعتراف میں تعریفی سند بھی پیش کی۔

بقیہ 25

محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی قیادت میں ادارے کی مربوط کوششوں کا نتیجہ ہے، جس کا مقصد وفاقی دارالحکومت میں اہم ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانا ہے۔ دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے نے منصوبے کے تعمیراتی مقام کا تفصیلی معائنہ کیا اور جاری سول و اسٹرکچرل کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے منصوبے کی انتظامی اور انجینئرنگ ٹیموں کو ہدایت کی کہ موثر رابطہ کاری، دستیاب وسائل کے بہترین استعمال اور تعمیراتی سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی کے ذریعے کام کی رفتار برقرار رکھی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل ہر صورت یقینی بنائی جائے، تاہم معیار، پائیداری اور مقررہ انجینئرنگ اصولوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگ بنیاد وزیراعظم محمد شہباز شریف نے رکھا تھا، جس کے بعد تعمیراتی سرگرمیوں کا آغاز ہوا۔ بارش کے باعث دوران کام متاثر ہونے کے باوجود منصوبے پر کام کی رفتار برقرار رکھی گئی اور صرف دو ہفتوں میں نصف سے زائد کام مکمل کرلیا گیا، جو تعمیراتی سرگرمیوں کی موثر رفتار اور منصوبہ بندی کا مظہر ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ کشمیر چوک انڈر پاس ایک اہم عوامی منصوبہ ہے، جس کا مقصد ٹریفک کی دیرینہ مشکلات پر قابو پانا اور شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ باقی ماندہ تعمیراتی کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے اور اس دوران معیار کی جانچ، تعمیراتی مقامات پر حفاظتی اقدامات اور سڑک استعمال کرنے والوں کی سہولت کو خصوصی اہمیت دی جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ کشمیر چوک انڈر پاس کی تکمیل سے اسلام آباد کے معروف ترین چوراہوں میں سے ایک پر ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی، رش میں کمی آئے گی اور اسلام آباد اور راولپنڈی کے درمیان سفر کرنے والے شہریوں کا قیمتی وقت بچے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے روزانہ سفر کرنے والے ہزاروں شہریوں کو آمدورفت میں سہولت اور بہتر حفاظتی ماحول میسر آئے گا، جبکہ جڑواں شہروں کے درمیان رابطہ کاری اور ٹریفک کی روانی میں بھی بہتری آئے گی۔

بقیہ 26

سے التماس ہے کہ وہ تھانہ کینٹ اور ایس ڈی پی او آفس کینٹ سے متعلق شکایات کے لیے کھلی کچہری میں شرکت کریں، شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 27

ٹیموں کو واک تھرو گیٹ اور مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کی اجازت دی گئی، سی سی ٹی وی کیمروں سے سٹیڈیم اور گرد و نواح کی مسلسل مانیٹرنگ کی جاتی رہی، روٹ اور سٹیڈیم کے اطراف چھتوں پر ماہر نشانہ باز تعینات کئے گئے تھے، سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے راولپنڈی میں ٹی ٹوئنٹی میچز اور ٹرائی نیشن سیریز کے میچز کی بہترین سکیورٹی و ٹریفک ڈیوٹیز پر افسران و اہلکاروں کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ انٹرنیشنل ایونٹ کی راولپنڈی میں ہمہ وقت فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے میں راولپنڈی سٹی و ٹریفک پولیس کے افسران و اہلکاروں کی انتھک محنت شامل ہے، راولپنڈی میں کرکٹ شائقین اور ٹیموں کے لئے محفوظ اور پرسہولت ماحول کو یقینی بنایا گیا۔

بقیہ 28

نے کہا کہ بلدیہ کی اربوں روپے کی پراپرٹی اور کروڑوں روپے کے فنڈز ایک جنبش قلم سیکرٹری ٹرانسپورٹ کے حوالے کرنا نہ صرف راولپنڈی کے عوام کے حقوق پر ڈاکہ ہے بلکہ اس اقدام سے میونسپل کارپوریشن کے مختلف شعبوں کے ہزاروں ملازمین اور ملازمین کے واجبات کی ادائیگیاں اور صفائی اور تعمیر و ترقی کے منصوبے بھی خطرے میں پڑ جائیں گے۔ اپنے بیان میں مزدور راہنماؤں نے میونسپل لیبر یونین (سی بی اے) میونسپل کارپوریشن راولپنڈی کے صدر راجہ ہارون الرشید اور جنرل سیکرٹری پارس شاہد رضا کے خلاف تھری ایم پی او کے تحت مقدمے اور راجہ ہارون کی تیس روزہ حراست کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ کسی قبضہ گروپ کا معاملہ نہیں بلکہ سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی جانب سے میونسپل کارپوریشن کی ملکیتی پراپرٹی جنرل بس اسٹینڈ پیرودھائی کا اختیار غیر قانونی طور پر اپنے ہاتھ میں لینے کا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانون کے مطابق سیکرٹری آر ٹی اے کو کلاس بی بس اسٹینڈ کا اختیار لینے کا کوئی قانونی حق حاصل نہیں ہے یہ پراپرٹی میونسپل کارپوریشن راولپنڈی کی ملکیت ہے اور اس شہر کے عوام کی امانت ہے۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ میونسپل لیبر یونین نے اپنے ادارے کی پراپرٹی کا تحفظ کرنا چاہا جو اس کا آئینی اور قانونی حق ہے اس پر یونین قائدین کو خراج تحسین پیش کرنے کے بجائے تھری ایم پی او جیسے کالے قانون کے تحت جیل میں ڈالنا سراسر ناانصافی، انتقامی کارروائی اور مزدور دشمنی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا کہ اس غیر قانونی اقدام کا فوری نوٹس لیا جائے، راجہ ہارون الرشید کو فی الفور رہا کیا جائے، تھری ایم پی او کا مقدمہ خارج کیا جائے اور سیکرٹری آر ٹی اے کو کلاس بی بس اسٹینڈ کا اختیار لینے سے روکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں سیکورٹی خدشات کا باعث بننے والے اور کروڑوں کے سرکاری ٹیکس اور دھیلی بٹور کرنے والے غیر قانونی پرائیویٹ اڈوں کا خاتمہ کرنے کی بجائے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن راولپنڈی نے کارپوریشن کی ملکیتی زمین پر قائم جنرل بس اسٹینڈ ایک ہزار سے زائد دکانوں سمیت سیکرٹری آر ٹی کو دے دیا جو سراسر ایک غیر قانونی اور بلاجواز اقدام ہے۔

بقیہ 29

وں کے ساتھ مل کر کراچی، کوئٹہ، جیکب آباد، خیرپور، رحیم یار خان، قصور، ہانگی، کوٹ رادھا کشن، نوشہرہ ورکاں، تونسہ، فیصل آباد اور گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا تاکہ ٹیلی کام سروسز کا جائزہ لیا جا سکے۔ ساتھ ساتھ صارفین کو درپیش مسائل کا بھی ازالہ کیا جا سکے۔ اس موقع پر ٹیلی کام آپریٹرز کو ہدایت کی گئی کہ موبائل نیٹ ورک کوریج، وائس اور انٹرنیٹ سروسز کے معیار سے متعلق سامنے آنے والے مسائل کو مقررہ مدت کے اندر حل کیا جائے۔ واضح رہے کہ پی ٹی اے متعلقہ اداروں، ٹیلی کام آپریٹرز اور مقامی انتظامیہ کے ساتھ مل کر ملک بھر میں صارفین کو بہتر، قابل اعتماد اور معیاری ٹیلی کام سروسز کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 30

اداروں کے خلاف یوٹیوبرز کی مہم سے پارٹی کو بہت نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بیرون ملک بیٹھے کسی یوٹیوبر کے دباؤ میں نہیں آئیں گے۔

بقیہ 31

گروہ موجود ہیں اور بچی کو کس ذریعے سے اس نیٹ ورک تک رسائی حاصل ہوئی۔ حکام کے مطابق اس پہلو کی بھی تحقیقات کی جارہی ہیں کہ آیا پاکستان میں دیگر بچے بھی اس نوعیت کے آن لائن نیٹ ورک کے نشانے پر ہیں۔ تفتیشی ادارہ ان رابطوں کے طریقہ کار اور نیٹ ورک کی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ ممکنہ متاثرین کی نشاندہی اور مزید نقصان کی روک تھام کی جا سکے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی طارق نواز نے بتایا کہ اس معاملے کے مختلف پہلوؤں کی چھان بین کی جارہی ہے، جن میں یہ معلوم کرنا بھی شامل ہے کہ بچی کی ڈارک ویب تک رسائی کیسے ہوئی اور اسے خطرناک سرگرمیوں کی جانب کس طرح راغب کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ نیٹ ورک کے خلاف مزید گہرائی سے تحقیقات کی جارہی ہیں۔ اس کے ساتھ بچوں کے استحصال کے بعض واقعات اور ڈارک ویب کے ممکنہ روابط سے متعلق پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔ تاہم ان روابط کے بارے میں کسی حتمی نتیجے پر پہنچنے کے لیے تحقیقات مکمل ہونا ضروری ہے۔ این سی سی آئی نے والدین پر زور دیا ہے کہ وہ بچوں کی آن لائن سرگرمیوں کی نگرانی موثر بنائیں، ان کے ساتھ انٹرنیٹ کے استعمال کے بارے میں کھل کر بات کریں اور کسی بھی مشکوک رابطے یا غیر معمولی رویے کی صورت میں فوری توجہ دیں۔ ماہرین کے مطابق بچوں کو آن لائن خطرات، نامعلوم افراد سے رابطوں اور نقصان دہ سرگرمیوں پر اکسانے والے پیغامات کے بارے میں آگاہ کرنا ضروری ہے۔ والدین کو چاہیے کہ بچے کی جانب سے کسی خطرناک آن لائن سرگرمی کا انکشاف ہونے پر اسے ڈانٹنے یا شرمندہ کرنے کے بجائے اس کی حفاظت کو ترجیح دیں اور ضرورت پڑنے پر متعلقہ حکام سے رابطہ کریں۔ یہ واقعہ بچوں کی ڈیجیٹل حفاظت اور سائبر جرائم کی روک تھام کی اہمیت کو نمایاں کرتا ہے۔ حکام کی تحقیقات سے یہ معلوم کرنے میں مدد مل سکتی ہے کہ بچی تک رسائی حاصل کرنے والے افراد کون تھے، نیٹ ورک کس انداز میں کام کر رہا تھا اور آیا اس سے مزید بچوں کو بھی خطرہ لاحق ہے۔

بقیہ 32

تعداد میں نمایاں کمی کو محکمہ صحت کی انسداد ڈینگی سرگرمیوں کا اہم نتیجہ قرار دیا جارہا ہے۔ ضلع راولپنڈی میں ڈینگی کی روک تھام کے لیے ضلعی اور تحصیل سطح پر مانیٹرنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں اب تک ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کے 34 جبکہ تحصیل ایمرجنسی رسپانس کمیٹیوں کے 108 اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، جن میں انسداد ڈینگی اقدامات اور سرویلنس سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ ڈینگی لاروا کی نشاندہی اور ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں، لاروا کی موجودگی پر 2 ہزار 798 ایف آئی آرز درج کی گئیں، جبکہ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 686 مقامات سیل کیے گئے اور 2 ہزار 331 چالان جاری کیے گئے۔ خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 31 لاکھ 56 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ ڈینگی سرویلنس کے لیے راولپنڈی میں 1400 ٹیمیں سرگرم ہیں، جن میں 415 آؤٹ ڈور اور 985 انڈور ٹیمیں شامل ہیں۔ سرویلنس کے دوران اب تک 54 لاکھ 53 ہزار 817 گھروں کی چیکنگ کی گئی، جس کے دوران ایک لاکھ 94 ہزار 624 گھروں میں ڈینگی لاروا کی موجودگی سامنے آئی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ چوہڑ ہڑپال ٹاؤن کے علاقے کلیال میں ڈینگی لاروا کی سب سے زیادہ شرح ریکارڈ کی گئی، جہاں بریٹیو انڈیکس 75.321 رہا۔ ڈینگی لاروا کی زیادہ شرح والے علاقوں میں ڈھوک حسو شالی، بھکن، ڈھوک بابو عرفان اور ہزارہ کالونی بھی شامل ہیں۔ محکمہ صحت کی جانب سے شہریوں کو ڈینگی سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے، گھروں اور اردگرد پانی جمع نہ ہونے دینے اور انسداد ڈینگی ٹیموں کے ساتھ تعاون کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ حکام نے کہا کہ ڈینگی کی روک تھام کے لیے سرویلنس، لاروا کی تلفی اور ایس او پیز پر عمل درآمد کی نگرانی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 33

کو آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کا قیام اُن عظیم قربانیوں کا ثمر تھا جو ہمارے آباؤ اجداد نے آزادی، عزت نفس اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے پیش کیں۔ آج ہم اُن عظیم شہداء، مجاہدین آزادی اور بانیان آزاد کشمیر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر آزادی کی شمع روشن کی۔ صدر آزاد کشمیر نے کہا کہ یوم تاسیس ہمیں یہ حقیقت بھی یاد دلاتا ہے کہ ہماری جدوجہد کا بنیادی مقصد ابھی تشنہ تکمیل ہے۔ آزاد جموں و کشمیر تحریک آزادی کشمیر کی ایک عظیم امانت ہے، اور اس امانت کا تقاضا ہے کہ ہم اپنے اُن بھائیوں اور بہنوں کو کبھی فراموش نہ کریں جو مقبوضہ جموں وکشمیر میں اپنے بنیادی حقوق اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے پرعزم ہیں۔ مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی استقامت، حوصلے اور قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 34

نے گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، 11 موبائل فون، رقم اور اسلحہ برآمد کیا، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 35

کہا کہ جدید سفارت کاری میں معاشی پالیسی کو بنیادی اہمیت حاصل ہو چکی ہے۔ امریکہ میں پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے تجارت، سرمایہ کاری، کاروبار میں آسانی، دانشورانہ ملکیت کے تحفظ اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کے لیے کوششیں ان کی ترجیحات میں شامل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کام کرنے والی امریکی کمپنیاں دونوں ممالک کے درمیان معاشی تعاون بڑھانے کے وسیع امکانات کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی جامعات کو ملکی صنعتوں کے ساتھ منظم اور مستقل بنیادوں پر روابط استوار کرنے چاہئیں۔ اگرچہ متعدد تعلیمی اداروں نے بین الاقوامی جامعات کے ساتھ موثر اشتراک قائم کیا ہے، تاہم جامعات اور صنعت کے درمیان تعاون ابھی تک زیادہ تر محدود اور غیر مستقل ہے۔ ان روابط کو مضبوط بنا کر تحقیقی کام، سائنسی علم اور تکنیکی مہارت کو تجارتی مصنوعات، نئے کاروبار اور اسٹارٹ اپس میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان کی بڑھتی ہوئی ڈیجیٹل معیشت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی پر مبنی نئے کاروبار اور مالیاتی ٹیکنالوجی جدت کے نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔ ڈیجیٹل نظام، الیکٹرانک مالیاتی ادارے اور ای والٹس، بالخصوص نوجوانوں کے لیے مالیاتی خدمات کی نوعیت بدل رہے ہیں۔ انہوں نے پاکستان کے ٹیکنالوجی شعبے میں بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کاروبار اور دیگر تکنیکی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ضروری ہے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ پاکستان میں کاروبار کے حوالے سے سوچ اور رویوں میں بنیادی تبدیلی لانے کی ضرورت ہے۔ نوجوانوں کو صرف ملازمت کے تحفظ تک محدود رکھنے کے بجائے اپنا کاروبار شروع کرنے، جدت اپنانے اور سوچ سمجھ کر خطرات مول لینے کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے جامعات پر زور دیا کہ وہ طلبہ کے لیے صنعتی اداروں میں انٹرن شپ، کاروباری دوروں، اختراعی مقابلوں، جاب فیئرز اور بین الاقوامی ماہرین و صنعتی رہنماؤں کے ساتھ آن لائن روابط کے مواقع بڑھائیں۔ ان کے مطابق پیشہ ورانہ اسناد اور عملی تجربے نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتیں حاصل کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ صنعتی ڈھانچے اور سازگار کاروباری ماحول کے بغیر تعلیمی ادارے باصلاحیت نوجوانوں کو ملک میں روکنے میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ ایسی صورت میں ہنرمند نوجوان بیرون ملک مواقع تلاش کرنے یا عالمی منڈیوں کے لیے آزادانہ طور پر کام کرنے کو ترجیح دیتے رہیں گے۔ سردار مسعود خان نے پاکستان کو درپیش تعلیمی مسائل، خصوصاً اسکولوں سے باہر بچوں کی بڑی تعداد اور اعلیٰ تعلیم تک محدود رسائی اور تعلیم کے لیے ناکافی سرکاری سرمایہ کاری کی جانب بھی توجہ دلائی۔ انہوں نے کہا کہ قومی ترقی اور تبدیلی کے لیے تعلیمی مواقع میں توسیع اور معیار تعلیم کو بہتر بنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کو اپنی نوجوان آبادی کی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور پائیدار معاشی خوشحالی کے حصول کے لیے جامعات اور صنعت کے درمیان مضبوط شراکت داری قائم کرنے، سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور تعلیم، جدت طرازی اور کاروباری سرگرمیوں کو قومی ترجیحات میں شامل کرنا ہوگا۔

بقیہ 36

ریاستی دارالحکومت مظفرآباد میں 17 مقدمات درج ہیں جن میں کئی مقدمات انسداد دہشتگردی ایکٹ کے تحت درج ہیں۔ بی بی سی کے مطابق لگ بھگ تین ماہ قبل، 30 جون 2026 کو عوامی ایکشن کمیٹی نے اپنے ایک اعلامیے میں دعویٰ کیا تھا کہ شوکت نواز میر کو میرکوٹ کے علاقے سے گرفتار کرلیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ایک ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل رہی۔ آزاد کشمیر کی پولیس اور انتظامیہ نے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ متعدد مقدمات میں مطلوب شوکت نواز میر پولیس یا ریاستی تحویل میں نہیں ہیں۔ اُن سے متعلق اطلاع دینے پر انعام بھی مقرر کیا گیا اور یہ کہ وہ گرفتاری کے خوف سے کہیں چھپے ہوئے ہیں۔ عوامی ایکشن کمیٹی کے کور ممبر شوکت نواز میر کی مبینہ گرفتاری کے مقدمے میں عدالت نے تین درخواستیں منظور کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ دھیرکوٹ کو 29 اکتوبر کو عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ شوکت نواز میر کی بہن یاسمین میر کی جانب سے دائر ان درخواستوں پر ان کے وکیل شاہد علی اعوان نے سماعت سے متعلق بی بی سی اردو کو بتایا کہ پہلی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ شوکت نواز میر کو تھانہ دھیرکوٹ کے ایس ایچ او کی موجودگی میں گرفتار کیا گیا، ان کے مطابق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ایک ویڈیو میں بھی شوکت نواز میر کو ایس ایچ او اور دیگر پولیس اہلکاروں کی موجودگی میں لے جاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی تھی کہ ایس ایچ او کو طلب کر کے وضاحت لی جائے کہ ویڈیو میں دکھائی دینے والا واقعہ کیا تھا اور آیا شوکت نواز میر کو پولیس نے گرفتار کیا تھا یا نہیں۔ وکیل شاہد علی اعوان کے مطابق شوکت نواز میر کی مبینہ گرفتاری کی ویڈیو اور اس وقت کے وزیر قانون میاں عبدالوحید کا مبینہ بیان کا ریکارڈ جمع کرایا گیا۔ وکیل شاہد علی اعوان نے بتایا کہ تیسری درخواست سمیت تینوں درخواستوں پر حکومت کی جانب سے ایڈووکیٹ جنرل آفس کے وکلا نے اعتراضات اٹھائے تھے، تاہم عدالت نے یہ اعتراضات مسترد کرتے ہوئے درخواستیں منظور کر لیں۔ عدالت نے ایس ایچ او تھانہ دھیرکوٹ کو 29 اکتوبر کو طلب کر لیا ہے تاکہ شوکت نواز میر کی مبینہ گرفتاری سے متعلق معاملے پر وضاحت حاصل کی جا سکے۔ وکیل کے مطابق یاسمین میر کے بھائی گل نواز میر کو بھی اس مقدمے میں درخواست گزار بنانے کی درخواست منظور کرلی گئی ہے۔

بقیہ 37

کیے جانے کے بعد اسے کمیٹی کو بھیج دیا جاتا ہے جس کے باعث دیگر سوالات پر بحث کے لیے وقت محدود ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایجنڈے میں 25 سوالات شامل ہوں تو ان میں سے صرف چھ سوالات پر بحث ہو پاتی ہے اور ان پر بحث کے بعد انہیں کمیٹی کے سپرد کر دیا جاتا ہے جبکہ باقی سوالات زیر التوا رہ جاتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس صورتحال میں یا تو سوالات پر ایوان میں بحث مکمل کی جائے یا انہیں کمیٹی کو بھیجا جائے، تاہم باقی سوالات کو اگلے روز منتقل کرنے سے آئندہ روز کی کارروائی بھی متاثر ہوگی۔ انہوں نے تجویز دی کہ باقی ماندہ سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے تاکہ ایوان کا وقت بچایا جا سکے اور سوالات کی کارروائی کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جاسکے۔

بقیہ 38

کی ہدایت کی ہے۔ آٹے کی فراہمی میں مبینہ بے ضابطگیوں میں ملوث فلور ملز کو شوکاز نوٹس جاری کردیے گئے ہیں اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والی فلور ملز کا سرکاری گندم کا کوٹہ فوری طور پر بند کردیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی لاہور میں آٹے کی فراہمی کے مجموعی نظام میں بے ضابطگیوں کی جامع تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب ڈاکٹر کرن خورشید کا کہنا ہے کہ لاہور میں آٹے کی فراہمی سے متعلق موصول ہونے والی تمام شکایات کا ازالہ کیا جارہا ہے اور ذمہ داروں کے تعین کے لیے تحقیقاتی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹے کی سستے اور شفاف طریقے سے دستیابی کو یقینی بنانا حکومت اور محکمے کی اولین ترجیح ہے اور اس معاملہ میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 39

مضبوط بناتا ہے، شہریوں کے وقار، عزت نفس اور بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنانا اور پولیس سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانا ہے، تھانوں، ناکوں، پولیس دفاتر اور خدمت مراکز پر آنے والے شہریوں سے عزت، احترام اور شائستگی سے پیش آنے کی ہدایت، خواتین، بزرگوں اور بچوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، حسن سلوک، بردباری اور شہریوں کا احترام پولیس کے پیشہ ورانہ کردار کی پہچان ہونا چاہیے، وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن، آئی جی پنجاب کے احکامات اور سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات کے مطابق شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 40

مریم نواز شریف نے تمام اضلاع میں سرکاری اراضی پر گندم کی کاشت یقینی بنانے کا حکم دیا۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلی مرتبہ ٹرانسفارمنگ مارکیٹ ویسٹ ان ٹو ویلتھ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پامرا کے تحت آف سیزن سبزیوں اور پھلوں کی دستیابی کیلئے ڈی ہائیڈریشن پراجیکٹ کی بھی منظوری دے دی۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ کاہنہ میں سبزیوں اور پھلوں کیلئے پنجاب کا پہلا منڈی مارٹ پراجیکٹ شروع ہوچکا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے منڈی مارٹ کی جلد تکمیل کا ہدف مقرر کردیا اور صوبہ بھر میں منڈی مارٹ قائم کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس کے دوران رمضان المبارک کی ضروریات کے مطابق کیلا، سیب اور کھجور کی کنٹرول نرخ پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کا حکم دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر ڈپٹی کمشنر متعلقہ علاقے میں کولڈ سٹوریج میں کیلا، سیب اور کھجور کی ضرورت کے مطابق سٹوریج یقینی بنائے گا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کھلے دودھ کی حفظان صحت کے مطابق فروخت کی ریگولیشن کیلئے موثر اقدامات کا حکم دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو سبزیوں، دالوں اور دیگر اجناس سمیت 15 اشیائے خورد و نوش کے نرخ کا تقابلی جائزہ پیش کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 10 اشیا کے نرخ میں 252 فیصد تک کمی کا ریکارڈ رجحان جاری ہے۔ بیشتر اشیائے خورد و نوش کے نرخ مستحکم اور دالوں کے نرخ بھی برقرار ہیں۔ اشیاء کے نرخ کی مانیٹرنگ اور استحکام کیلئے قیمت ایپ کی اپ گریڈیشن کی جائے گی۔

بقیہ 41

• مدت پر مشتمل جامع ایکشن پلان پیش کیا جائے، لائیو سٹاک اور ڈیری کے شعبے کی ترقی کے لیے عالمی معیار کے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی جائیں اور متعلقہ ممالک کے تجربات سے استفادہ کیا جائے۔

بقیہ 42

زادی کی عملی راہ اختیار کرتے ہوئے موجودہ آزاد جموں و کشمیر کا علاقہ ڈوگرہ راج سے آزاد کرواتے ہوئے 24 اکتوبر 1947 کو آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کا قیام عمل میں لا کر ثابت کر دیا کہ مظالم سے آزادی کی جدوجہد بالآخر کامیاب ہو کر ہی رہتی ہے۔ آج جب کہ ایک جانب آزاد خطے میں عوام آزادی کے ثمرات سے ہر طرح مستفید ہو رہے ہیں۔ تو دوسری جانب مظلوم و مجبور کشمیری بھارت جیسے مکار اور خود ساختہ سیکولر ملک کے انسانیت سوز مظالم کے شکار ہیں۔ وہاں کے عوام کی زندگیوں اور یہاں کی آزاد فضاؤں کی زندگیوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ آفرین ہے کشمیریوں پر کہ جو بھارتی افواج کے ہر وار کو خود اُن پر لوٹاتے ہوئے برملا پاکستان کو اپنی منزل قرار دے رہے ہیں اور شہادتوں کی صورت میں پاکستانی جھنڈوں میں دفن ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ بھارت کی 14 لاکھ فوج نہتے کشمیریوں پر دہشت گردانہ مظالم ڈھانے کے باوجود اُن کے دلوں سے پاکستان کی والہانہ محبت کم کرنے میں بری طرح ناکام ہے اور کشمیریوں کی جانب سے سلامتی کونسل کی حق خودارادیت کے حوالے سے تسلیم شدہ قراردادوں پر عملدرآمد کرانے کے جائز مطالبے سے انہیں نہ ہٹا سکی اور نہ ہی ہٹا سکے گی۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں نہتے کشمیری طویل ترین عرصہ سے مذہبی، سیاسی، سماجی اور بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے ان گنت مشکلات کے شکار ہیں جن حوالے سے یہاں آزاد فضاؤں میں گمان بھی نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر محض سرحدی تنازعہ نہیں بلکہ لاکھوں انسانوں کے بنیادی حقوق، سیاسی مستقبل اور حق خودارادیت سے وابستہ معاملہ ہے۔ اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل کی قراردادوں پر من وعن عملدرآمد کرتے ہوئے کشمیری عوام کو آزادانہ، غیر جانبدارانہ اور منصفانہ استصواب رائے کے ذریعے اپنے مستقبل کے فیصلے کا فوری طور پر حق دیا جانا اشد ضروری ہے ورنہ پورے خطے میں امن کا خواب دیکھنا خام خیالی ہے۔

بقیہ 43

کے خلاف ہائیکورٹ میں اپیل دائر کی تھی۔ مقدمے کے پس منظر کے مطابق کراچی کے علاقے ہجرت کالونی میں باپ بیٹا کاران کی ریڑھی کھڑی کرنے پر ملزم نصیر احمد اور اس کے پڑوسی تفتیق کے درمیان جھگڑا ہوا تھا۔ استغاثہ کا الزام تھا کہ جھگڑے کے دوران ملزم نے چھری کے وار کرکے تفتیق کو قتل کردیا تھا۔ واقعے کا مقدمہ سول لائن تھانے میں درج کیا گیا تھا۔ ہائیکورٹ نے اپیل پر فیصلہ سناتے ہوئے ماتحت عدالت کی جانب سے دی گئی سزا ختم کردی اور ملزم کی رہائی کا حکم دے دیا۔

بقیہ 44

رفیق نے کہا کہ پاکستان میں نظام عدل کے بریک ڈاؤن کی کیفیت پیدا ہو چکی ہے۔ انصاف کی فراہمی کیلئے غیر معمولی تاخیر اور بے پناہ رکاوٹیں ہیں، مدعی یا متاثرہ فریق کی کوئی شنوائی ہے اور نہ انہیں کوئی تحفظ حاصل ہے، عام آدمی کو انصاف نہیں مل رہا، نتیجتاً قانون نافذ کرنے والے اداروں نے از خود عدالتی کردار سنبھال لیا ہے، ماورائے عدالت قتل بغیر سزا کے ایک معمول بن رہا ہے، یہ سلسلہ جاری رہا تو کوئی بھی اس سے محفوظ نہیں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ موثر نظام عدل قائم نہ کیا گیا تو بات قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عدالتی کردار سے بڑھ کر ہر طاقتور کے ہاتھ میں چلی جائے گی، لوگ چوکوں، چوراہوں، گلیوں اور بازاروں میں اپنی عدالتیں لگائیں گے، اس وقت سے بچا جائے۔

بقیہ 45

شہریوں اور دکانداروں کو وارننگز اور صفائی سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے اقدامات کیے جارہے ہیں تاکہ شہر کو صاف رکھنے کے ساتھ ساتھ انسداد سموگ مہم کو بھی موثر بنایا جاسکے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے متعلقہ افسران اور صفائی عملے کو ہدایت کی ہے کہ صفائی کے معیار کو برقرار رکھنے، عوامی مقامات کو صاف رکھنے اور شہریوں میں ذمہ دارانہ رویوں کو فروغ دینے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ صفائی مہم میں بھرپور تعاون کریں کیونکہ صاف ستھرا راولپنڈی اجتماعی ذمہ داری اور مشترکہ کوششوں سے ہی ممکن ہے۔

بقیہ 46

پوری کرنے اور مناسب منافع حاصل کرنے میں مدد ملے گی، کسانوں کو گندم کی کاشت کی جانب راغب کرنا حکومت کے اہم مقاصد میں شامل ہے تاکہ آئندہ سیزن میں گندم کی زیادہ سے زیادہ بوائی اور ملکی پیداوار میں اضافہ ممکن بنایا جاسکے۔ وزیراعظم نے اس امر کی نشاندہی کی کہ گزشتہ برسوں کے دوران مہنگائی اور زرعی اخراجات میں اضافے کے باعث کسانوں کو مالی مشکلات کا سامنا رہا ہے، جبکہ پاکستان کو گزشتہ دو برسوں کے دوران گندم درآمد بھی کرنا پڑی، ایسے حالات میں گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافہ مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی اور ملکی غذائی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت بہتر بنانے کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے۔ حکومت کی توقع ہے کہ نئی مجوزہ قیمت کے باعث کاشت کار گندم کی کاشت میں زیادہ دلچسپی لیں گے، جس سے آئندہ سیزن میں زیر کاشت رقبے اور مجموعی پیداوار میں اضافے کے امکانات روشن ہوں گے، اس اقدام کو کسانوں کی معاشی بہتری، زرعی شعبے میں استحکام اور غذائی تحفظ کے فروغ کی کوششوں کا اہم حصہ قرار دیا جارہا ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ گندم کی مقامی پیداوار میں اضافہ نہ صرف کسانوں کے معاشی مفادات کے تحفظ میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ ملک کو غذائی ضروریات کے حوالے سے زیادہ خودکفیل بنانے کی کوششوں کو بھی تقویت دے گا، حکومت کو توقع ہے کہ سال 2027 میں اس فیصلے کے مثبت اثرات ملکی زراعت، گندم کی دستیابی اور کسانوں کی خوشحالی کی صورت میں سامنے آئیں گے۔ واضح رہے کہ 4 ہزار 500 روپے فی من کی قیمت کو فی الحال مجوزہ یا اشاراتی قیمت قرار دیا گیا ہے، اس لیے اسے حتمی طور پر نافذ شدہ سرکاری خریداری قیمت تصور کرنے سے قبل متعلقہ سرکاری اعلان اور طریقہ کار کی تصدیق ضروری ہوگی۔

بقیہ 47

• مدت پر مشتمل جامع ایکشن پلان پیش کیا جائے، لائیو سٹاک اور ڈیری کے شعبے کی ترقی کے لیے عالمی معیار کے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی جائیں اور متعلقہ ممالک کے تجربات سے استفادہ کیا جائے، پاکستان میں لائیو سٹاک کے شعبے میں وسیع استعداد موجود ہے، اسے برآمدات اور معاشی ترقی کے لیے بروئے کار لایا جائے۔ جمعہ کو جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت لائیو سٹاک کے شعبے میں اصلاحات، لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو اور منہ کھر کی بیماری کے خاتمے کے لیے اقدامات کا جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے بورڈ کی تنظیم نو کے لیے شفاف اور میرٹ پر مبنی طریقہ کار اپنانے، نجی شعبے کے ماہرین کو شامل کرنے اور منہ کھر کی بیماری کے خاتمے کے لیے واضح اہداف، قابل پیمائش نتائج اور مقررہ مدت پر مشتمل ایکشن پلان پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ لائیو سٹاک اور ڈیری کے شعبے کی ترقی کے لیے عالمی معیار کے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی جائیں اور اس شعبے میں مہارت رکھنے والے ممالک کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ جانوروں کی صحت، افزائش نسل، پیداوار اور ویلیو چین میں بہتری کے ذریعے پاکستان کی برآمدی استعداد سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے، جس سے دیہی معیشت اور روزگار کے مواقع کو بھی فروغ ملے گا۔ اجلاس میں بورڈ کی تنظیم نو، جانوروں کی بیماریوں کی نگرانی، ویکسینیشن، جانوروں کی شناخت و ٹریس ایبلٹی اور گوشت و ڈیری مصنوعات کی برآمدات بڑھانے کے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، رانا تنویر حسین، ڈاکٹر مصدق ملک، عطاء اللہ تارڑ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 48

کو نقصان پہنچا، آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں نے بلوچستان کے عوام کو نقصان پہنچانے اور صوبے کی ترقی و خوشحالی روکنے کی کوشش کی، آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، گوادر میں کلیئرنس آپریشن مکمل کرکے علاقے میں امن وامان اور ریاستی عمل داری بحال کر دی گئی، دہشت گردوں کی جانب سے بلوچ خاتون کو حملے کے لیے استعمال کرنا بلوچ خواتین کی حرمت کے خلاف جرم ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گرد بلوچ خواتین کو اپنے مذموم مقاصد اور پروپیگنڈے کے لیے استعمال کر رہے ہیں، بلوچستان کے عوام اپنے نام پر خون بہانے والوں کو مسلسل مسترد کرتے آئے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا کہ وفاقی ایپکس کمیٹی کے منظور کردہ وژن عزم استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

Scanned with CamScanner

سی پیک پاکستان اور چین کی دوستی کا تاریخی سنگ میل ہے، مریم اورنگزیب

سینئر صوبائی وزیر سے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق، معاشی تبدیلی کا ہدف مقرر

وزیراعلیٰ کے پاک چین تعاون کے فروغ میں کردار پر مشترکہ ترقیاتی منصوبوں کے وسیع امکانات موجود ہیں، چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن

لاہور (آئی این پی) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب سے چینی ڈپٹی ہیڈ آف مشن نے ملاقات کی، جس میں پاک چین دوستی، سی پیک، معاشی ترقی، امن و امان، ٹیکنالوجی کی منتقلی، ماحولیاتی تحفظ، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات محض سفارتی نہیں بلکہ خاندان سے خاندان اور نسل در نسل محبت، احترام اور دوستی کا مضبوط رشتہ ہیں، سی پیک پاکستان اور چین کی دوستی کا جیتی جاگتی مثال ہے، جبکہ نواز شریف کی قیادت نے اس منصوبے کو آگے بڑھانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں 2029 تک کاروبار دوست معاشی تبدیلی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، آمدات میں اضافے، ویلیو ایڈیشن اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے جامع سکت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)



امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی میں رواں سال ڈینگی کیسز میں نمایاں کمی، 54 مریض ریورٹ

رواں سال ضلع راولپنڈی میں ڈینگی کے شبہ میں 5 ہزار 55 مریضوں کی سکریننگ کی گئی، 54 افراد میں ڈینگی وائرس کی تصدیق

مریضوں کی تعداد میں نمایاں کمی کو محکمہ صحت کی انسداد ڈینگی سرگرمیوں کا اہم نتیجہ قرار، ڈینگی کی روک تھام کے لیے مانیٹرنگ کا سلسلہ جاری

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) رواں سال ضلع راولپنڈی میں ڈینگی کے مریضوں کی تعداد میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، گزشتہ سال اکتوبر میں ڈینگی کے 928 مثبت کیسز سامنے آئے تھے، جبکہ رواں سال اب تک صرف 54 مریضوں میں وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق گزشتہ سال کی طرح رواں سال بھی ڈینگی کے باعث کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی، رواں سال ضلع راولپنڈی میں ڈینگی کے شبہ میں 5 ہزار 55 مریضوں کی سکریننگ کی گئی، جن میں سے 54 افراد میں ڈینگی وائرس کی تصدیق ہوئی۔ ان میں سے 6 مریض اس وقت مختلف ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اکتوبر میں ڈینگی کے 21 مریض رپورٹ ہوئے، جبکہ ستمبر میں 27 افراد میں وائرس کی تصدیق ہوئی، گزشتہ سال اکتوبر میں ڈینگی کے 928 مثبت کیسز کے مقابلے میں رواں سال مریضوں کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)



سوہائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر کا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو



اسلام آباد: قاسم نقاش صدر یوسف کیرانی سے سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راشد علی ابو گامی ملاقات کر رہے ہیں

امریکی سفارتخانے کی جانب سے اسلام آباد میں پہلی شاہکار فنکار نمائش کا افتتاح

پروگرام امریکی اور پاکستانی شہریوں کو قریب لانے کا ذریعہ ثابت ہوئے ہیں، مائیڈی اسمتھ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) امریکی سفارتخانے، یونائیٹڈ اسٹیٹس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان پاکستان (یو ایس ای ایف پی) اور پاکستان یو ایس انفارمیشنل نیٹ ورک کی جانب سے یو ایس ای ایف پی کی عمارت میں قائم کی گئی گیلری میں پہلی شاہکار فنکار انٹرنیشنل آرٹسٹ نمائش کا افتتاح کیا گیا، مذاکرہ گیلری کے قیام کا مقصد فنون لطیفہ کے شعبے میں امریکی حکومت کے تعاون پروگراموں کے سابق شرکا کی کامیابیوں کو اجاگر کرنا ہے۔ جمعہ کو جاری بیان کے مطابق گیلری میں منعقد کی جانے والی پہلی انفرادی نمائش لاہور سے تعلق رکھنے والی آرٹسٹ مینا ہارون کے فن پاروں پر مشتمل ہے۔ وہ خاتون ورثے کے تحفظ سے متعلق امریکی محکمہ خارجہ کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

چیئرمین سی ڈی اے کا کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ، پیش رفت کا جائزہ

معیار اور کوالٹی کو برقرار رکھتے ہوئے منصوبہ کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) چیئرمین سی ڈی اے کیپٹل انٹرفرت نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام کی اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران اور تعمیراتی عملوں کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، جبکہ تعمیراتی معیار اور کوالٹی پر کسی سے محمد آمد بیتی بنایا جائے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے پر تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے اور کام کے آغاز کے صرف دو مہینوں سے زائد عرصے میں منصوبے کا 51 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے پر اب تک ہونے والی پیش رفت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25) والی وزیر داخلہ سید

بس اسٹینڈ کا غیر قانونی اور غیر دانشمندانہ اقدام ہے، میونسپل لیبر یونین

قائدین کے خلاف تھری ایم پی او کے تحت مقدمات زیادتی ہے، راجہ عبدالمجید، غلام محمد ناز

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) جنرل بس اسٹینڈ پیر ودھائی کے اختیارات میونسپل کارپوریشن سے لے کر بیگل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے حوالے کرنا ایک غیر قانونی، غیر دانشمندانہ اور عوام دشمن اقدام ہے، میونسپل لیبر یونین کے قائدین پر تھری ایم پی او کے تحت مقدمات سراسر زیادتی ہے ان خیالات کا اظہار میونسپل لیبر یونین راولپنڈی سٹی کے صدر راجہ عبدالمجید، غلام محمد ناز (آر ڈبلیو ایم سی) ایس ای اے کے سربراہ اعلیٰ راجہ عبدالمجید، چیئرمین پنجگیر جھنگی، گلزار کیانی، پرویز چیمہ، چوہدری فرخ وڑائچ، جاوید احمد اور آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن پنجاب کے چیئرمین کامریڈ غلام محمد ناز نے گزشتہ روز اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ٹیلی کام سروسز کے معیار میں بہتری کیلئے پی ٹی اے کی ملک گیر نگرانی جاری

صارفین کی شکایات کے ازالے کے لیے ملک بھر میں نگرانی کا عمل جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی جانب سے ٹیلی کام سروسز کے معیار میں بہتری، انٹرنیٹ ورک کی کارکردگی میں اضافے اور صارفین کی شکایات کے ازالے کے لیے ملک بھر میں نگرانی کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے 15 سے 22 اکتوبر 2026ء کے دوران پی ٹی اے کے 12 زونل دفاتر کے ذریعے 166 موبائل سائٹس پر مختلف مانیٹرنگ سرگرمیوں کے ذریعے سروسز میں بہتری کے متعدد اقدامات کیے گئے۔ اس دوران پی ٹی اے کے زونل دفاتر نے متعلقہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



اسلام آباد: شہری امریکی سفارتخانے کی جانب سے پہلی شاہکار فنکار آرٹسٹ نمائش فن پارے دیکھ رہے ہیں

ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث 2 گینگز کے 3 ملزمان گرفتار

4 مسروقہ موٹر سائیکل، آئی فون سمیت 12 موبائل فونز، لیپ ٹاپ، رقم اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث 2 گینگز کے 3 ملزمان گرفتار کر کے 4 مسروق موٹر سائیکل، آئی فون سمیت 12 موبائل فونز، لیپ ٹاپ، رقم اور اسلحہ برآمد کرا لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 2 گینگز کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے 4 مسروق موٹر سائیکل، آئی فون سمیت 12 موبائل فونز، لیپ ٹاپ، رقم اور اسلحہ برآمد ہوا۔ مقامہ پولیس نے دو ریکی گینگ کو گرفتار کر کے 3 مسروق موٹر سائیکل، آئی فون اور لیپ ٹاپ برآمد کیا۔ ڈی پی او راولپنڈی پولیس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ایس ایس پی انوسٹیگیشن کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سید اللہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن سید اللہ کا پولیس لائنز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹیگیشن سید اللہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا



اسلام آباد: وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے آزربیجان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں



کراچی: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شوکت نواز میر گمشدگی کیس، SHO دھیرکوٹ کو 29 اکتوبر کو ہائیکورٹ طلب

یاسمین میر نے بھائی کی بازیابی کے لیے ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا، مبینہ گرفتاری کیس میں تین درخواستیں منظور

شوکت نواز میر کیخلاف راولاکوٹ میں 3، ضلع باغ میں 22 اور ریاستی دارالحکومت مظفر آباد میں 17 مقدمات درج، پولیس

مظفر آباد (سماج نیوز) آزاد کشمیر ہائی کورٹ نے شوکت نواز میر کشمکش کے مقدمے میں ایس ایچ او تھانہ دھیرکوٹ کو 29 اکتوبر کو عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ شوکت نواز میر کی بہن یاسمین میر نے عدالت میں شوکت نواز میر کی بازیابی سے متعلق درخواست 15 اگست 2026 کو دائر کی تھی۔ شوکت نواز میر کے اغوا کی جانب سے ہائیکورٹ میں دائر کی گئی درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ میر پولیس کی مبینہ غیر قانونی حراست میں ہیں اور یہ کہ ان کی بازیابی یقینی بنائی جائے۔ آزاد کشمیر پولیس نے عدالت کو بتایا تھا شوکت میر پولیس یا ریاست جموں کشمیر کے کسی محکمے کی تحویل میں نہیں ہیں بلکہ روپوش ہیں۔ سماعت میں گذشتہ چار سماعتوں کے دوران آزاد کشمیر پولیس نے اپنی جبر میں رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ شوکت نواز میر کے خلاف ضلع راولاکوٹ میں تین، ضلع باغ میں 22 اور (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

آٹے کی عدم دستیابی پر محکمہ فوڈ سیفٹی کا سخت ایکشن

ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر مقرر، 6 فلور ملز کو شوکاز نوٹس جاری

ملوث فلور ملز کا سرکاری گندم کا کوٹہ بند، باقاعدہ تحقیقاتی انکوائری شروع

لاہور (انکیشل رپورٹر) لاہور میں آٹے کی عدم دستیابی اور فراہمی میں بدنظمی کی رپورٹس کا سخت نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کوالٹی ریگولیشن پنجاب ڈاکٹر کرن خورشید نے فوری طور پر عہدے سے معطل کر دیا ہے جبکہ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر 2 فضل عباس شاہ کو فوری طور پر عہدے سے معطل کر دیا ہے جبکہ لاہور کی 12 دکانوں پر 10 کلو آٹے کے تھیلوں کی عدم دستیابی کی رپورٹ سامنے آنے پر سیکرٹری فوڈ کی جانب سے تحقیقات کی گئیں۔ تحقیقاتی رپورٹ میں کمی غیر الکاف ہوا کہ 12 میں سے 9 دکانیں مکمل طور پر فروخت نہیں جبکہ باقی 3 دکانوں پر آٹے کی فراہمی میں غفلت، سہو تاہی اور بے قاعدگیاں پائی گئیں۔ آٹے کی فراہمی میں غفلت، سہو تاہی اور بے قاعدگیاں پر سیکرٹری فوڈ ڈاکٹر کرن خورشید نے ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر 2 فضل عباس شاہ کو فوری طور پر عہدے سے معطل کر دیا ہے اور انکوائری کا حکم دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کی 12 دکانوں پر 10 کلو آٹے کے تھیلوں کی عدم دستیابی کی رپورٹ سامنے آنے پر سیکرٹری فوڈ کی جانب سے تحقیقات کی گئیں۔ تحقیقاتی رپورٹ میں کمی غیر الکاف ہوا کہ 12 میں سے 9 دکانیں مکمل طور پر فروخت نہیں جبکہ باقی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

وقت کی کمی کے باعث زیر بحث نہ آنے والے سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے

شہریوں کو ای دلیز پر انصاف کی فراہمی کھلے سی پی او (آج) تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے

راولپنڈی (این این آئی) شہریوں کو ای دلیز پر انصاف کی فراہمی کھلے سی پی او راولپنڈی (آج) ہفتہ کو تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ای دلیز پر انصاف کی فراہمی کے لیے کھلی کچہری، سی پی او راولپنڈی (آج) 24 اکتوبر ہفتہ بوقت 10:30 بجے دن تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے شہریوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



اسلام آباد: وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہر ملازمت کے فروغ کیلئے جامعات اور صنعتوں میں روابط ناگزیر ہے، سردار مسعود

پائیدار معاشی ترقی کیلئے معاشی سفارتکاری، عالمی شراکت داری اور ملکی اداروں کے درمیان مؤثر روابط کلیدی اہمیت رکھتے ہیں

سازگار کاروباری ماحول کے بغیر تعلیمی ادارے باصلاحیت نوجوانوں کو روکنے میں کامیاب نہیں ہو سکتے، خطاب

اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں جدت، سرمایہ کاری اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے جامعات، صنعتی شعبے اور مالیاتی اداروں کے درمیان مؤثر روابط اور باصلاحیت نوجوانوں کو روکنے میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ بحیرہ یونیورسٹی اسلام آباد میں منعقدہ بیس سکٹ، ایجوکیشن اینڈ ایوارڈز 2026 کے دوران ایجوکیشنل ایکسیلنس ایوارڈ سے خطاب کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ پاکستان میں جدت، سرمایہ کاری اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے جامعات، صنعتی شعبے اور مالیاتی اداروں کے درمیان روابط اور پاکستان میں کاروباری ماحول کی تشکیل کے موضوع پر منعقدہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی کے لیے معاشی سفارت کاری، عالمی شراکت داری اور ملکی اداروں کے درمیان مؤثر روابط کلیدی اہمیت رکھتے ہیں۔ سردار مسعود خان نے بیچنگ اور واشنگٹن میں اپنی سفارتی خدمات کا حوالہ دیتے ہوئے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال سے وفد کی ملاقات

شوکت نواز میر گمشدگی کیس، SHO دھیرکوٹ کو 29 اکتوبر کو ہائیکورٹ طلب

یاسمین میر نے بھائی کی بازیابی کے لیے ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا، مبینہ گرفتاری کیس میں تین درخواستیں منظور

شوکت نواز میر کیخلاف راولاکوٹ میں 3، ضلع باغ میں 22 اور ریاستی دارالحکومت مظفر آباد میں 17 مقدمات درج، پولیس

مظفر آباد (سماج نیوز) آزاد کشمیر ہائی کورٹ نے شوکت نواز میر کشمکش کے مقدمے میں ایس ایچ او تھانہ دھیرکوٹ کو 29 اکتوبر کو عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ شوکت نواز میر کی بہن یاسمین میر نے عدالت میں شوکت نواز میر کی بازیابی سے متعلق درخواست 15 اگست 2026 کو دائر کی تھی۔ شوکت نواز میر کے اغوا کی جانب سے ہائیکورٹ میں دائر کی گئی درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ میر پولیس کی مبینہ غیر قانونی حراست میں ہیں اور یہ کہ ان کی بازیابی یقینی بنائی جائے۔ آزاد کشمیر پولیس نے عدالت کو بتایا تھا شوکت میر پولیس یا ریاست جموں کشمیر کے کسی محکمے کی تحویل میں نہیں ہیں بلکہ روپوش ہیں۔ سماعت میں گذشتہ چار سماعتوں کے دوران آزاد کشمیر پولیس نے اپنی جبر میں رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ شوکت نواز میر کے خلاف ضلع راولاکوٹ میں تین، ضلع باغ میں 22 اور (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

وقت کی کمی کے باعث زیر بحث نہ آنے والے سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے

شہریوں کو ای دلیز پر انصاف کی فراہمی کھلے سی پی او (آج) تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے

راولپنڈی (این این آئی) شہریوں کو ای دلیز پر انصاف کی فراہمی کھلے سی پی او راولپنڈی (آج) ہفتہ کو تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ای دلیز پر انصاف کی فراہمی کے لیے کھلی کچہری، سی پی او راولپنڈی (آج) 24 اکتوبر ہفتہ بوقت 10:30 بجے دن تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے شہریوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

آٹے کی عدم دستیابی پر محکمہ فوڈ سیفٹی کا سخت ایکشن

ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر مقرر، 6 فلور ملز کو شوکاز نوٹس جاری

ملوث فلور ملز کا سرکاری گندم کا کوٹہ بند، باقاعدہ تحقیقاتی انکوائری شروع

لاہور (انکیشل رپورٹر) لاہور میں آٹے کی عدم دستیابی اور فراہمی میں بدنظمی کی رپورٹس کا سخت نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کوالٹی ریگولیشن پنجاب ڈاکٹر کرن خورشید نے فوری طور پر عہدے سے معطل کر دیا ہے جبکہ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر 2 فضل عباس شاہ کو فوری طور پر عہدے سے معطل کر دیا ہے اور انکوائری کا حکم دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کی 12 دکانوں پر 10 کلو آٹے کے تھیلوں کی عدم دستیابی کی رپورٹ سامنے آنے پر سیکرٹری فوڈ کی جانب سے تحقیقات کی گئیں۔ تحقیقاتی رپورٹ میں کمی غیر الکاف ہوا کہ 12 میں سے 9 دکانیں مکمل طور پر فروخت نہیں جبکہ باقی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

لاہور: بہو خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں 20 کلو آٹے کا تھیلا بند کرنے کا فیصلہ، 10 کلو کا بیگ فروخت ہوگا

وزیراعلیٰ مریم نواز زیر صدارت اجلاس، اشیائے خورد و نوش کے نرخ میں اتار چڑھاؤ پر تفصیلی رپورٹ پیش

آٹا اور گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے بین الصوبائی بارڈر کی کڑی نگرانی کا حکم، ہر ڈی سی سٹوریج یقینی بنائیگا، وزیراعلیٰ

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں اشیائے خورد و نوش کے نرخ میں اتار چڑھاؤ پر تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 10 اشیاء کی قیمتوں میں مستحکم کمی کا رجحان جاری ہے۔ اس موقع پر صوبہ بھر میں 20 کلو آٹے کا تھیلے کے فروخت بند پالیسی پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں صرف 10 کلو آٹا بیگ کی مارکیٹ میں فروخت کی اجازت کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آٹا اور گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے بین الصوبائی بارڈر کی کڑی نگرانی کا حکم دیا اور تمام اپنی کمشنرز کو متعلقہ ضلع میں گندم کی ہوائی کا ہدف پورا کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں نمبردار، گھوڑی پال سکیم اور اپنا کھیت، اپنا روزگار سکیم کے تحت تمام انتظامی پر گندم کی خریداری کا شت کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



لاہور: وزیر خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں 20 کلو آٹے کا تھیلا بند کرنے کا فیصلہ، 10 کلو کا بیگ فروخت ہوگا

وزیراعلیٰ مریم نواز زیر صدارت اجلاس، اشیائے خورد و نوش کے نرخ میں اتار چڑھاؤ پر تفصیلی رپورٹ پیش

آٹا اور گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے بین الصوبائی بارڈر کی کڑی نگرانی کا حکم، ہر ڈی سی سٹوریج یقینی بنائیگا، وزیراعلیٰ

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں اشیائے خورد و نوش کے نرخ میں اتار چڑھاؤ پر تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 10 اشیاء کی قیمتوں میں مستحکم کمی کا رجحان جاری ہے۔ اس موقع پر صوبہ بھر میں 20 کلو آٹے کا تھیلے کے فروخت بند پالیسی پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں صرف 10 کلو آٹا بیگ کی مارکیٹ میں فروخت کی اجازت کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آٹا اور گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے بین

Scanned with CamScanner